Senator Rana Sana Ullah Khan: I, Adviser to the Prime Minister on Inter-Provincial Coordination, move that the Bill to amend the Pakistan Tourist Guides Act, 1976 to the extent of the Islamabad Capital Territory [The Pakistan Tourist Guides (Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed? No. Ok. Now I put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted. We may now take up Second reading of the Bill i.e clause by clause consideration of the Bill. There is no amendment in Clauses 2 to 11. So, I will put these Clauses before the House as one question. The question is that, Clauses 2 to 11 do form part of the bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 11 stand part of the bill. We may now take up Clause 1, the preamble and the title of the bill. The question is that Clause 1, the preamble and the title do form part of the bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, the preamble and the title, stands part of the bill. We may now take up Order No.18. Senator Rana Sana Ullah, please move Order No.18.

Senator Rana Sana Ullah Khan: I, Adviser to the Prime Minister on Inter-Provincial Coordination, move that the Bill to amend the Pakistan Tourist Guides

Act, 1976 to the extent of the Islamabad Capital Territory [The Pakistan Tourist Guides (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed unanimously. Order No.19. Senator Rana Sana Ullah, Advisor to the Prime Minister for Inter Provincial Coordination, please move Order No.19.

## **Consideration and Passage of The Pakistan Hotels and Restaurants (Amendment) Bill, 2026**

Senator Rana Sana Ullah Khan: I, Adviser to the Prime Minister on Inter-Provincial Coordination, move that the Bill to amend the Pakistan Hotels and Restaurants Act, 1976 to the extent of the Islamabad Capital Territory [The Pakistan Hotels and Restaurants (Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?  No. Ok. Now I put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted. We may now take up Second reading of the Bill i.e clause by clause consideration of the Bill. There is no amendment in Clauses 2 to 11. So, I will put these Clauses before the House as one question. The question is that, Clauses 2 to 11 do form part of the bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 11 stand part of the bill. We may now take up Clause 1, the preamble and the title of the bill. The question is that Clause 1, the preamble and the title do form part of the bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, the preamble and the title, stands part of the bill. We may now take up Order No.20. Senator Rana Sana Ullah, please move Order No.20.

Senator Rana Sana Ullah Khan: I, Adviser to the Prime Minister on Inter-Provincial Coordination, move that the Bill to amend the Pakistan Hotels and Restaurants Act, 1976 to the extent of the Islamabad Capital Territory [The Pakistan Hotels and Restaurants (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed unanimously. Khawaja Asif *Sahib*'s order No.21 we have already covered. Which is the other one? There is a Calling Attention Notice at Order No.23 in the name of Senator Mohsin Aziz. Please raise the matter.

**Calling Attention Notice by Senator Mohsin Aziz regarding recent increase in prices of petroleum products and its impact on costs of industrial productions and national economy**

سینیٹر محسن عزیز: جناب، منسٹر صاحب تو ابھی شاید نہیں آئے۔

جناب چیئرمین: کون سے منسٹر؟

سینیٹر محسن عزیز: پیٹرولیم کے جی۔

Mr. Chairman: This is the collective responsibility of the Cabinet.

Senator Mohsin Aziz: Somebody from there would…

Mr. Chairman: Minister Finance?

سینیٹر محسن عزیز: جناب، پیٹرولیم کا آپ جواب دیں گے؟

Mr. Chairman: Minister Finance *Sahib*! there is a calling attention notice for the Ministry of Petroleum. Who will answer? There are three ministers sitting.

آپ میں سے کون جواب دے گا؟

Senator Mohsin Aziz: Sir, I was told that the minister is coming.

جناب چیئرمین: آج بجٹ ہو رہا ہے تو شاید اس لیے وہ سب وہاں گئے ہوئے ہیں۔ تو اُس کو defer کر دیں؟ میرا خیال ہے کہ یہ بہتر ہوگا کہ minister concerned should be present. پیٹرولیم منسٹر کو یہاں ہونا چاہیے۔

سینیٹر محسن عزیز: جناب، مجھے بتایا گیا تھا کہ وہ ابھی آ رہے ہیں۔ اگر آپ کسی کو کہہ دیں کہ وہ پتا کر لیں۔

جناب چیئرمین: سیکرٹری صاحب، وہ کہتے ہیں کہ hold کر لیں تو اس دوران آپ پتا کر لیں۔

سینیٹر محسن عزیز: ذرا اطلاع کروادیں کیونکہ یہ پہلے بھی دو دفعہ defer ہو چکا ہے۔ (جاری۔۔۔۔T06)

**T06-10June2026 Abdul Ghafoor/ED: Shakeel 5:00 p.m.**

سینیٹر محسن عزیز: (جاری۔۔۔) جناب چیئرمین! ذرا اطلاع کرادیں کیونکہ پہلے بھی دو مرتبہ defer ہو چکا ہے۔

Mr. Chairman: There is another Calling Attention Notice and Order No.21 in the name of Senator Fawzia Arshad, please raise the matter. Ok. Minister for Finance wants to reply. Yes, Minister for Finance. Please order in the House. Senator Mohsin Aziz sahib.

**<u>Senator Mohsin Aziz</u>**

سینیٹر محسن عزیز: جناب چیئرمین! چونکہ یہ پہلے بھی defer ہو چکا ہے۔ ابھی بھی آپ دے رہے ہیں۔

Mr. Chairman: Minister is ready to reply.

Senator Mohsin Aziz: Ok. I am satisfied.

جناب چیئرمین: آپ تشریف رکھیں۔ غور سے سن لیں۔

سینیٹر محسن عزیز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! یہ stone age یا پتھر کے زمانے کے بعد سے چاہے آمد و رفت ہے، چاہے صنعت ہے یا روزمرہ کی زندگی ہے اس میں petrol and petroleum product ایک بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ اب آپ بخوبی جانتے ہیں کہ اس وقت جو ہمارا import bill ہے تقریباً import bill 30-35% پر آتا ہے۔ اب بات یہ ہے کہ جس وقت petroleum مصنوعات یا crude oil دنیا میں مہنگا ہوتا ہے تو حکومتیں ضرور کوشش کرتی ہیں کہ اپنے عوام کو ریلیف دینے کے لیے ان کو

کسی طریقے سے subsidy دیں تاکہ دنیا چلتی رہے۔Subsidy اس لیے دی جاتی ہے تاکہ عوام بھی زندہ رہیں اور کاروبار بھی زندہ رہے۔ لیکن یہاں چونکہ آوے کاآوا بگڑا ہوا ہے، اس لیے یہاں پر ایک عجیب سا سماں دیکھا گیا ہے کہ crude oil کو جواز بنا کر ہماری budgetary allocation تھی ہم نے revenue collect کرنا تھا اس کو اس میں merge کر دیا گیا ہے۔ جس کا مطلب کہنے کا یہ ہے کہ ایک طرف ہم بجٹ کا revenue collection کا target دیتے ہی جو target میں سمجھتا ہوں کہ کافی inflated دیا جا رہا ہے اور ابھی بھی دیا جائے گا۔ دوسری طرف سے FBR کو taxpayers ہیں ان کے پیچھے لگا دیا جاتا ہے کہ tax collect کریں۔ اس لیے FBR ایک نشانے پر آ جاتا ہے جب کہ میں سمجھتا ہوں کہ tax collection کا target ہی بہت زیادہ ہوتا ہے اس لیے FBR قصوروار ہوتا بھی نہیں ہے لیکن یہاں case میں بہت عجیب سی بات آ گئی کہ چونکہ tax collection نہیں ہوئی اس لیے یہاں پر levy لگا دی گئی اور levy کا میں آپ کو آگے چل کر ذکر کرتا ہوں کہ کتنی لگا دی گئی۔

ابھی آپ اگر دیکھیں ہمیں فخر ہے اور بڑے فخر سے یہ بات کرتے ہیں کہ ہم نے ہندوستان کو جنگ کے محاذ میں شکستِ فاش دی جو پانچ سات دن کی جنگ ہوئی اس میں ہم نے ان کے حوصلے پست کر دیے۔ پاکستان نے اس میں بڑی ترقی اور بڑا فائدہ کیا ہمیں بڑا moral boost ملا لیکن دوسری طرف دیکھیں کہ وہی ملک صرف اور صرف تین روپے اپنے عوام پر petrol کی مد میں ڈالتا ہے، صرف تین روپے ان چھ مہینوں میں پانچ مہینوں میں زیادہ کیا، بلکہ اگر دیکھا جائے تو پچھلے ڈیڑھ سال میں انہوں نے تین روپے صرف اپنی عوام کی جیب سے نکالا اور اُس میں بھی اپوزیشن باتیں اور objection کر رہی ہے۔ یہاں پر آپ دیکھیں تقریباً 200 فیصد petrol کی قیمتیں بڑھی ہیں۔ آپ اگر figures میں دیکھیں تو یہ آپ کو میں یہاں بتانا چاہتا ہوں کہ پاکستان میں اس وقت petrol تقریباً 1.35 ڈالر کی parity پر بک رہا ہے۔ انڈیا میں 1.10 ڈالر کی parity پر بک رہا ہے، Bangladesh میں 1.05 ڈالر کی parity پر بک رہا ہے۔ یہاں پر اگر آپ دیکھیں تو عجیب سا معاملہ سامنے آیا اور وہ یہ ہے کہ jet fuel پر کمی لے کر آتے ہیں jet fuel کون استعمال کرتا ہے؟ jet fuel تو ایک غریب عوام، jet fuel تو ایک Motorcycle والا استعمال نہیں کرتا، Jet fuel تو ایک Suzuki گاڑی والا یا ایک Bus والا، ایک Truck والا استعمال نہیں کرتا۔ ایک طرف ہم بات کریں کہ ہم نے privatization کر دی اور اگر privatization کا نقصان یہاں سے پورا کرنا ہے کچھ taxes کی مد میں اور کچھ اس طریقے سے subsidy دے کر ہم اسی طریقے سے بھلے تھے جو پہلے تھے۔

آپ دیکھئے! عجیب سی بات ہے، میرے پاس کچھ figures ہیں کہ 7th March کو جب baseline بڑھی، crude oil بڑھا 80 سے 92 گیا، تو increase 9.5% تھی جس کے مطابق ہمارا petrol بڑھنا چاہیے تھا تو 290 روپے کا ہونا چاہیے تھا۔ یہاں سے 20% کی jump لے لی گئی اور 321 روپے کا petrol بکنے لگا۔ دوسری مرتبہ پھر جب jump آئی 98 ڈالرز کا crude ہوا تو یہ 8.7% کا jump تھا جبکہ یہاں پر 14% کا jump لے لیا گیا کہ 349 instead of یہاں پر 360 کر دیا گیا۔ اسی طریقے سے figures میرے پاس ہیں اب مزے کی بات ہے کہ جب بڑھتا ہے 8% یہاں پر petrol کا ریٹ 15% بڑھا دیا جاتا ہے۔ جب petrol گھٹتا ہے یعنی 15th May سے 18th May کے بعد تقریباً 86 dollars پر آ گیا تھا، جس کا مطلب ہے کہ 20% reduce ہوا لیکن price کم ہونی چاہیے تھی 414 سے 323 جبکہ کم کر دی گئی صرف اور صرف 6% اور 381 روپے کر دیا گیا۔ یہ عجب کمال ہے کہ جب جنگ شروع ہوئی 28 فروری کو غالباً تو پاکستان کے پاس reserve میں کوئی petrol کوئی diesel کوئی crude oil نہیں تھا۔ ہمارے refinery کے پاس کوئی crude oil نہیں تھا۔ ہمارے transit میں ships آ رہے تھے وہ مہنگے rate پر آ رہے تھے یا پرانے rate پر آ رہے تھے لیکن ایک دن جنگ ہوئی اس کے تیسرے دن ہم نے عوام کی جیب سے ڈاکہ مار کر پیسا نکال لیا۔

ریاست جو ہوتی ہے، حکومت جو ہوتی ہے وہ ماں جیسی ہوتی ہے۔ وہ لوگوں کی جیب میں پیسے ڈالتی ہے ان کا خیال رکھتی ہے، ان کی غربت کا خیال رکھتی ہے کہ جو بھوکا پیاسا ہے، اس کو بھوکا پیاسا نہ کریں۔ یہاں تو الٹا ایک سماں ہے کہ اس کی جیب کو دیکھا جا رہا ہے کہ اس کی جیب سے کس طریقے سے ہم جو بچا کھچا چرانی، اٹھانی ہے وہ بھی اس کی جیب سے نکال لیں۔ ہمارے ساتھ اس ملک میں بہت بڑا ظلم ہو رہا ہے۔ اس لیے میں اس کو پہلے reject بھی کرتا ہوں اور یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ ایک طرف تو آپ circular debt کی بات کرتے ہیں، ابھی گیس کی قیمتیں بڑھا دی گئیں unprecedented بڑھا دی گئیں captive power جو تھے ان کی gas کاٹ دی گئی، ان کی levy بہت بڑھا دی گئی اور اس کا اثر کیا ہوا؟ جو ہمارا circular debt تھا وہ 5 trillion rupees کا ہو گیا ہے، دو ٹریلین سے ڈھائی ٹریلین سے چار سالوں میں double سے بھی زیادہ ہو گیا ہے۔ ہم نہ ادھر کے رہے، نہ ادھر کے رہے۔ عوام بھی مر گئی Industry بھی مر گئی اور آپ کا circular debt بھی اوپر چلا گیا۔

ان policies کا ہمیں سمجھ نہیں آ رہا کہ اس کو bad management کہیں bad governance کہیں یا اس کو یہ کہیں کہ یہ صرف عوام کی جیب کو دیکھ رہے ہیں اور عوام کی جیب کو دیکھنے کے بعد اپنے House in Order لاتے ہی نہیں ہیں۔

Economy کا یہ حال ہے کہ آپ یہ سمجھئے کہ جب petrol بڑھتا ہے diesel بڑھتا ہے اس سے تمام خوردونوش کی اشیاء بڑھ جاتی ہیں، Industry کی input مہنگی ہو جاتی ہے چونکہ اس وقت بازار میں اتنا مندا ہے Industrialist اس نقصان کو پورا بھی نہیں کر سکتا تو وہ بھی loss میں جارہا ہے۔ ایک طرف Industry بند ہو رہی ہے، دوسری طرف حکومت کی کمائی پوری نہیں ہو رہی۔ تیسری طرف آپ اگر دیکھیے تو دس پندرہ دن کے لیے یہ شوشہ نکلا کہ ہم economical کوئی drive کریں گے۔ ہم اپنے اخراجات کم کریں گے، وہ اللے تللے تو ہم دیکھ رہے ہیں، اسی طریقے سے جارہی ہے، کوئی کمی نہیں آئی ہے ماسوائے اس کے کہ غریب دکاندار کو آپ کہہ دیتے ہیں کہ آٹھ بجے دکان بند کرو۔

(جاری۔۔۔T07)

T07-10June2026 Tariq/Ed: Waqas.

سینیٹر محسن عزیز۔۔۔(جاری)۔۔۔ہم اپنے اخراجات کم کریں گے، وہ اللے تللے تو ہم دیکھ رہے ہیں جو اسی طریقے سے جاری ہیں، اس میں کوئی کمی نہیں آئی ہے، ماسوائے اس کے کہ غریب دکان دار کو آپ کہہ دیتے ہیں کہ آٹھ بجے آپ دکان بند کرو اور عید پر ان پر بہت بڑا احسان ہوا کہ اب دس بجے بند کریں۔ اس کے بعد وہی بے ڈھنگی چال جو پہلے تھی وہ اب بھی ہے کہ آٹھ بجے کافی شاپ بند کریں دیں، دس بجے بند ہو جائے so on and so forth, تو اس طرح سے تو حکومتیں نہیں چلتی ہیں کہ آپ ایک طرف عوام کو غریب سے غریب تر کریں دوسرا آپ اپنے اخراجات کم نہ کریں اور تیسرا یہ کہ جو نقصانات ہیں وہ آپ پورے بھی نہیں کر سکیں۔ اگر ان چیزوں سے نقصانات بھی پورے ہوں تب بھی میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی levy کسی اچھے کام میں لگ گئی تو ہم پھر بھی اس کا ساتھ دے دیں گے لیکن levy تو کسی کام میں نہیں آرہی ہے تو بات یہ ہے کہ حکومت ہوش کے ناخن لے، عوام پس چکی ہے، عوام کا خون پسینہ نکل چکا ہے، ان کو اور نہ دبائیں، ان سے اور پیسا نہ نکالیں، ان کا اور خون پسینہ نہ نکالیں کیونکہ یہ پہلے سے پس چکے ہیں، ان کے پاس اب دینے کے لیے کچھ نہیں ہے اور اس دن سے ڈریں کہ جس دن یہ عوام بلبلا اٹھیں، سڑکوں پر نکل آئے اور پاکستان میں افراتفری ہو جائے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر فنانس صاحب۔

**<u>Senator Muhammad Aurangzeb (Minister for Finance)</u>**

سینیٹر محمد اورنگزیب (وفاقی وزیر خزانہ): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! سینیٹر محسن عزیز نے بہت مفصل اور passionate طریقے سے بات کی ہے۔ جہاں تک overall economy اور معیشت کی بات ہے تو کل میں economic survey پیش کرنے جارہا

ہوں، اس کے بعد ان شاء اللہ بجٹ اجلاس ہے تو ہمارے پاس بہت مواقع آئیں گے overall حقائق بیان کرنے کے اور آپ نے جو باتیں کی ہیں اس کا جواب دینے کے لیے۔

اس وقت میری کوشش یہ ہو گی کیونکہ اس وقت علی پرویز صاحب یہاں موجود نہیں ہیں that I try to do justice, probably I wouldn't be able to do justice اگر وہ خود یہاں موجود ہوتے تو وہ اور بہتر طریقے سے بیان کر سکتے تھے لیکن چونکہ میں خود کچھ meetings میں موجود ہوتا ہوں اور یہ whole of the Government approach ہے کہ اس وقت جو Middle East conflict ہے جیسا کہ آپ نے صحیح کہا جو مارچ کے اوائل سے شروع ہوا اور اس وقت جیسا کہ آپ کو پتا ہے کہ ہماری leadership is not giving up اور اللہ کرے کہ ان کی جو کاوشیں اور کوششیں ہیں Prime Minister صاحب کی، Field Marshal صاحب کی، Deputy Prime Minister صاحب کی یہ ہمیں ایک ایسی جگہ پہنچا سکیں جو نہ صرف ہمارے ملک کے لیے، اس خطے کے لیے، ساری دنیا کے لیے اور اس کی economy کے لیے یہ بہتر ہو سکے۔

But coming back to the discussion at hand دیکھیں جب یہ crisis شروع ہوا تو اس وقت کسی کو یہ نہیں پتا تھا کہ conflict ایک ہفتہ چلے گا، دو ہفتے چلے گا، مہینہ چلے گا اور اب تو تین ماہ سے اوپر ہو گئے ہیں، اس conflict میں تقریباً ساڑھے تین مہینے ہو چکے ہیں تو اسی وقت جہاں ہم نے 55 rupees کو increase کیا اور اس وقت بڑے models تھے کہ اس کو آپ نے overall pass on کرنا ہے، نہیں کرنا ہے لیکن یہ decide کیا گیا کہ کم از کم شروع میں ہم اسے pass on کریں گے لیکن اس کے فوراً بعد، اب میں آپ کو بتاتا ہوں کہ آپ نے جو بات کی ہے کہ عوام پر اس کا کم سے کم بوجھ ڈالنے کی کیا کوشش کی گئی تو یہ جو ہم نے overall subsidy دی for the first three weeks یہ 129 billion rupees کی subsidy تھی۔ پہلے ہفتے میں 14 مارچ سے 20 مارچ تک 23 billion, اس کے بعد 21 مارچ سے 27 مارچ تک 48 billion اور 28 مارچ سے 2 اپریل تک 57 billion یہ overall subsidy دی گئی اور اس پر بڑی تنقید بھی ہوئی کہ جو Fortuner چلا رہے ہیں اور جو Land cruiser میں گھوم رہے ہیں انہیں بھی آپ subsidy دے رہے ہیں اور جو اپنے two wheelers or bikes پر آ رہے ہیں تو یہ آپ نے کیا کیا ہے؟ And therefore at that point and time it was decided ایک تو بات یہ ہے کہ fiscal مسائل تھے اور اس وقت جتنی fiscal space تھی اس کے مطابق ہم جو کچھ کر سکے اور اس بابت Prime Minister صاحب کہہ چکے ہیں کہ یہ 129 billion ہم کہاں سے لے کر آئے، یہ

آپ عوام کی بات کرتے ہیں ہم نے PSDP کو cut کیا، ہم نے PSDP cut کرکے اسے finance کیا تو اس کے بعد یہ decide ہوا کہ اس کو targeted subsidy کی طرف لے جایا جائے تاکہ ہمارے جیسے لوگوں کو اس قسم کی subsidy نہ ملے جو تھوڑا سا afford کر سکتے ہیں اور آگے چل سکتے ہیں کیونکہ آپ نے غریب عوام کی بات کی تو اس سلسلے میں پھر یہ بات ہوئی کہ جو motor bikes or two wheelers پر آتے ہیں ان کی مدد کی جائے۔ جو عوام public transport پر جاتے ہیں، جو بسوں میں جاتے ہیں یا جو trucks ہیں تاکہ goods and transportation کی جائے اور پھر چھوٹے کسانوں کے لیے کیونکہ اس وقت harvesting season تھا تو اس لیے خاص طور پر یہ کیا گیا کیونکہ harvesting season میں ڈیزل کی کھپت بہت زیادہ ہوتی ہے۔

میں آپ کو یہ بھی بتا دیتا ہوں کہ آج بھی ہم National Economic Council میں تھے جسے Prime Minister Chair کر رہے تھے اور وزرا صاحبان اس میں موجود تھے اور خاص طور پر وزیراعظم نے تمام Chief Ministers کا شکریہ ادا کیا کیونکہ ان کی مشاورت اور مدد کے بغیر یہ targeted subsidy نہیں دی جا سکتی تھی کیونکہ Federal Government کے پاس جتنی fiscal space available تھی وہ ہم نے استعمال کی اور پھر سارے صوبوں نے جس میں صوبہ سندھ، صوبہ پنجاب، صوبہ بلوچستان، صوبہ خیبر پختونخوا نے بھرپور حصہ لیا۔ آج بھی سہیل آفریدی صاحب تشریف لائے اور ہم ان کے بہت مشکور ہیں کہ انہوں نے Nation Economic Council میں خیبر پختونخوا کو represent کیا۔

سینیٹر صاحب اس میں یہ تھا کہ 100 per liter subsidy motor cyclist کو دی گئی، 20 liters for a period of three months, اسی طرح monthly financial assistance تھی جو کہ 35000 سے ایک لاکھ روپے تک for trucks and passenger buses اور پھر اس میں یہ بات کی گئی صوبوں کا اس لیے ضروری تھا کہ وہ administratively اس کا استعمال کریں کہ جو subsidy دی جا رہی ہے اس حساب سے یہ کرائے نہ بڑھیں تاکہ عوام جو public transportation استعمال کرتی ہے اس سے وہ مستفید ہو سکے۔ اب میں آپ کو یہ بھی بتا دیتا ہوں کہ ایک تو یہ بڑی شفافیت اور transparency کے ساتھ یہ through digital wallets, after verification of vehicles registration data and route permits by the Provincial Excise Offices اسے deliver کیا گیا۔

میں بار بار صوبوں کا اس میں شکریہ ادا کر رہا ہوں کہ 5.4 billion in two tranches disburse ہو چکے ہیں۔ پہلی tranche

ساڑھے تین بلین کی ہے جو 105921 vehicles کو ملی اور second tranche 1.9 billion to 65500 vehicles کو ملی۔

اسی طرح سینیٹر صاحب 1.53 billion have been disbursed to 766548 motorcyclists under the motorcycle subsidy scheme. تو تقریباً آٹھ لاکھ motorcycle owners ہیں جن کو یہ subsidy دی گئی۔ اسی طرح جیسا کہ میں نے ذکر کیا کہ خاص طور پر جو چھوٹا کسان ہے جس کو harvesting کے لیے اس وقت بہت ضروری تھا کہ انہیں ڈیزل پر subsidy دی جائے تو 4.61 billion has been disbursed for farmers subsidy to support the agriculture sector. کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہم overall ایک عمومی subsidy سے اسے targeted subsidy پر لے کر گئے جو اس وقت جاری ہے کیونکہ ابھی تک اس conflict کا نہیں پتا، اللہ کرے کہ جیسا میں نے کہا کہ ہماری leadership کوشش کر رہی ہے یہ conflict کل ختم ہو جائے لیکن issue یہ ہے کہ because the energy infrastructure has been hit اگر یہ اگلے ہفتے بھی ختم ہو جائے تو اس کے بعد بھی اس کے اثرات اگلے سال میں جائیں گے

because of the energy infrastructure which has been hit.

ابھی آپ levy پر آ جائیں۔ دیکھیں جیسا کہ آپ نے FBR کا ذکر کیا، I am grateful کہ آپ نے کہا اور انہیں acknowledge کیا کہ انہوں نے پوری کوشش کی ہے، یہ ان کے جو محصولات تھیں جو پورا revenue base تھا آج سے ساڑھے تین یا چار سال پہلے سات ٹریلین تھا۔ اس سال ہم اسے تیرہ ٹریلین پر ختم کر رہے ہیں، so target کو ملنا یا نہ ملنا ایک اور بات ہے but we have almost doubled the revenue base of this country جو in turn پھر استعمال ہوتا ہے کیونکہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ اچھا revenue زیادہ بڑھ گیا ہے، tax to GDP بڑھ گئی، معاشی استحکام آ گیا ہے تو اس میں کون سی بڑی بات ہے۔ بڑی بات یہ ہے کہ جب پچھلے سال اکتوبر میں سیلاب آئے، 2022 میں بھی سیلاب آئے تھے، اب پچھلے سال اکتوبر میں floods آئے، 2025 میں جو flood آیا was more extensive کیونکہ 2022 کا جو سیلاب تھا اس سے ایک صوبہ متاثر ہوا۔

آگے جاری۔۔۔(T-08)

محمد اورنگزیب: (جاری۔۔۔۔) پچھلے سال اکتوبر میں سیلاب آئے تھے، 2022 اور 2025 کا flood ہے، was more extensive کیونکہ 2022 کا جو flood تھا almost ایک صوبہ اس سے affect ہوا اور ایک دریا تھا، اس مرتبہ almost entire Pakistan اور تین دریا تھے۔لیکن but unlike 2022, we did not go for international appeal کیونکہ اس مرتبہ بھی یہی کہا جا رہا تھا کہ فوری طور پر چلے جائیں، UN چلے جائیں اور جگہوں پر چلے جائیں، پیسے مانگنا شروع کر دیں pledges لے کر آئیں۔ کیوں؟ جب ہم اپنی resources استعمال کر سکتے ہیں، اگر ہم اپنی جو معاشی استحکام ہے، اگر fiscal buffer ہے، اس کو استعمال کریں۔That is exactly what we did in terms of rescue and relief effort کہ اپنی جو ہمارے پاس محصولات تھیں اور Revenue Base تھا اس کے basis پر بھی ہم نے اس کو آگے Fund کیا۔

جہاں تک Petroleum Levy کی بات ہے، یہ part of an overall commitment that we have done ۔ یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ یہ conflict ہوا تو ہم نے levy impose کر دی ہے۔ This levy was there throughout اور اس میں ہماری پوری کوشش ہے کہ جہاں جہاں ہو سکے petrol اور diesel میں ہم پوری کوشش کر لیں کہ جہاں زیادہ impact آ رہا ہے وہاں کم کر دیں، جہاں کم ہے وہاں اوپر کر دیں۔ But as far as we are in the Fund programme there are International Commitments and we will have to stay with those International Commitments. یہ ہماری ایک ایسی چیز ہے کہ جو آپ بھی سینیٹر صاحب، آپ خود business community سے تعلق رکھتے ہیں جہاں آپ کی کچھ commitments کی جاتی ہیں you have to stay with those commitments. I don't think میں نے I have done justice to Mr. Ali Pervaiz اگر وہ یہاں ہوتے تو میرے سے بہتر طریقے سے یہ بات کرتے but I thought کہ میں یہاں پر موجود ہوں۔ جی۔۔

(مداخلت)

محمد اورنگزیب: جی، نہیں۔ کوئی نہیں ہمارے ساتھ لڑائی کرتا۔ اس کے علاوہ میں ان کو کہوں گا کہ آپ کے ساتھ وہ اس پر بات کر لیں۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، جی، آپ بات کریں پلیز۔اس کے بعد آپ۔۔ سینیٹر خلیل طاہر سندھو صاحب۔

سینیٹر طاہر خلیل: جناب چیئرمین! ابھی recent دعا کروائی گئی مولانا صاحب نے جو لوگ شہید ہوئے ہیں 24-05-2026 کو جس میں بہت سارے فوجی نوجوان موجود تھے، rangers کے نوجوان موجود تھے اور عام لوگ بھی تھے۔ان میں ایک پاکستانی مسیحی بچہ، جو فوج میں تھا، فوجی تھاندیم مقبول مسیحی، میری آپ سے humble submission ہو گی گزارش ہے کہ اس کے لیے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کریں۔ وہ بھی شہید ہوا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، ٹھیک ہے پلیز۔

(اس موقع پر ایوان میں ایک منٹ کی خاموشی کی اختیار کی گئی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، علامہ صاحب۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔شکریہ جناب چیئرمین! میں چند اہم مسائل کی طرف ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

Mr. Deputy Chairman: Order in the House, please.

**<u>Point raised by Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition), regarding the alleged rigging in the Gilgit-Baltistan election.</u>**

سینیٹر راجہ ناصر عباس: پاکستان کا آئین 1973 متفقہ اس میں طے یہی کیا گیا کہ پاکستان کی بادشاہت یہاں نہیں ہو گی، یہاں جمہوری طریقے سے ملک کو چلایا جائے گا۔ عوام کے حق کے انتخاب کو جو اللہ نے انہوں دیا ہے اور آپ نے اس کے مطابق آئین میں لکھ دیا کہ عوام اپنے حکمران منتخب کریں گے، جو آئین کے مطابق اس نظام کو چلائیں گے۔ حق کا انتخاب اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو دیا ہے اور اس کا تعلق انسانوں کی کرامت کے ساتھ ہے۔ انسان ربوٹ نہیں ہے، انسان حیوان نہیں ہے۔ انسان کو اللہ تعالیٰ نے صلاحیت دی ہے، وہ اچھے بُرے کی تمیز کر سکتا ہے، صحیح اور غلط کو سمجھ سکتا ہے۔ اسی بنیاد پر اللہ نے سزا اور جزا کا باقاعدہ نظام بنایا ہے۔ پاکستان کے عوام کو حق ہے کہ وہ اپنے حق رائے دہی کو استعمال کریں، اپنے حکمران منتخب کریں اور پاکستان کے نظام کو چلانے میں شریک ہوں۔ ان کا حصہ نقش اور roll ہو اور اگر کوئی elected لوگ جب حکومت میں آتے ہیں، deliver نہ کر سکیں، تو عوام کو حق ہے کہ وہ ان کو آئندہ آگے نہ آنے دیں، ان کا احتساب کریں۔اسی طرح ہمارے قانون کے ادارۂ عدلیہ بھی ہے اور ادارے بھی ہیں جو احتساب کا نظام ان کے ذریعے چلا سکتا ہے۔

پاکستان میں اگر عوام کے حقِ رائے دہی پر آپ ڈاکہ ڈالیں گے، کیونکہ یہ جب انسان vote ڈالتا ہے تو اس کی وہ امانت ہوتی ہے آپ کے پاس، اور امانت میں اللہ کے دیے ہوئے نظام کے مطابق جو آپ کا آئین بتلاتا ہے، اس میں خیانت کرنا دنیا کے تمام عرفوں اور معاشروں میں برا سمجھا جاتا ہے۔ لہٰذا جو box میں ڈالتے ہیں، وہی باہر آنا چاہیے۔ لیکن rigging نہیں ہونی چاہیے، نہ before election ہونی چاہیے، نہ election کے بعد ہونی چاہیے کیونکہ اگر ایک system کا تعلق عوام سے ٹوٹ جائے گا، عوام irrelevant ہو جائیں گے، system عوام کا اعتماد کھو بیٹھے گا اس کی soft power ختم ہو جائے گی وہ کمزور ہو جائے گا اور وہ بحرانوں کا مقابلہ نہیں کر سکے گا، مشکلات کا سامنا نہیں کر سکے گا، deliver نہیں کر سکے گا لہٰذا ابھی جو election ہوئے ہیں GB کے اندر، میں آپ کی توجہ اس نکتے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ ایک وقت تھا جب وہاں کے لوگوں میں احساسِ محرومی بڑی شدت سے موجود تھا۔ وہاں nationalist قوتیں بہت طاقتور ہو رہی تھیں۔ مجھے یاد ہے جب ان کو لاشوں کے تحفے جاتے تھے شناختی کارڈ دیکھ کر لوگوں کو مارا جاتا تھا، ان کے حقوق پر ڈاکہ ڈالا جاتا تھا، ان کی مرضی کے خلاف لوگوں کو مسلط کیا جاتا تھا۔ لوگوں کے اندر غصہ تھا۔

ہم نے وہاں باقاعدہ manifesto بنایا، اس میں یہ لکھا کہ GB کے عوام کو آئینی حقوق ملیں گے اور آئینی شناخت ملے گی۔ لیکن وہاں پر جس طرح سے elected government کو، جب عوام کو اپنے نمائندوں کو توڑ کر نہیں گرایا جا سکا، تو Court کے ذریعے گرایا گیا۔ عوام کے elected نمائندوں کو خریدنے کی کوشش کی گئی، لوٹا بنانے کی کوشش کی گئی، عوام کو دور کر دیا گیا لہٰذا اس وقت میں آپ سے عرض کر دوں کہ GB میں جو election ہوا ہے، یہ rigged election تھا۔ یہ عوام کی مرضی کے خلاف لوگوں کو مسلط کرنے کی کوشش کی گئی اور یہ پاکستان کے ساتھ ظلم ہوا ہے اس طرف توجہ دینی چاہیے۔ آپ کشمیر میں دیکھیں کیا ہو رہا ہے کشمیر کے اندر ہم نے وہاں پر elected government کو گرانے کی کوشش کی۔ بظاہر اس کو بڑا خوبصورت نام دیتے ہیں عدم اعتماد، عدم اعتماد لا رہے ہیں No-Confidence کون پیچھے سے لاتا ہے؟ وہ جو آپ کہتے ہیں غیر مرئی Forces جاتی ہیں، لوگوں کو اٹھاتی ہیں، ان کو دباؤ دیتی ہیں جیسے بھی اور set system کو destabilize کرکے new system لے کر آتی ہیں، نئے حکمران لے کر آتی ہیں۔ عوام میں فاصلہ بڑھ جاتا ہے۔ آج کشمیر میں دیکھیں کیا ہو رہا ہے حساس علاقہ ہے، ہمارے لیے ہماری شہ رگ ہے کشمیر وہاں پر آپ نے blackout کیا ہے۔

دیکھیں! یہاں پر وزیر بھی تھے چلے گئے ہیں جب عوام کو درست طریقے سے information کے راستے روک دیے جائیں، پابندیاں لگا دی جائیں، افواہیں عوام میں پھیلتی ہیں اور پھر بعض اوقات ملکی سالمیت کو بھی نقصان ہوتا ہے۔ جب ہم blackout کر دیں گے، net بند

کر دیں گے، telephone بند کر دیں گے، وہاں پر مشکلات کھڑی ہو جائیں گی۔ لوگوں تک جب خبر صحیح نہیں پہنچے گی تو chaos پھیلے گا۔ اب وہاں پر آپ نے ایک جماعت کو کمزور کرنے کے لیے، کہ کوئی Opposition نہ رہے آپ کے مقابلے میں، کشمیر کے اندر حالات کیا بنا دیے ہیں۔ کل آپ ان سے مذاکرات کرتے ہیں، وہ محبِ وطن ہوتے ہیں۔ ایک حکومت کو weak کیا جاتا ہے، گرایا جاتا ہے، ان کی باتیں مانی جاتی ہیں، اور آج وہ غدارِ وطن ہو جاتے ہیں اور آپ ان کو کہتے ہیں کہ یہ وطن کے دشمن ہیں، دشمن قرار دے دیتے ہیں، ان سے بات ہی نہیں ہو سکتی۔ اس طرح سے ملک چلایا جائے گا؟ کل یہی چیزیں آپ کو GB میں پیش آئیں گی۔ میں یہاں پر record پر کہنا چاہتا ہوں کہ کل GB میں یہی مشکلات پیش آئیں گی۔ لوگوں کو پریشانی ہے کہ ہماری معدنیات پر قبضہ ہو جائے گا، ہماری زمینوں پر قبضہ ہو رہا ہے۔ اب انہوں نے باقاعدہ election میں مجھے کہا کہ آپ نے manifesto میں یہ نہیں کہنا ہے کہ ہم پاکستان کا حصہ بننا چاہتے ہیں۔ ہمیں Pakistani Identity نہیں چاہیے، وہ کہتے ہیں کہ جب ابھی آئینی شناخت نہیں ملی، قبضے ہو رہے ہیں اور ہمارے اوپر مسلط کیا جاتا ہے لوگوں کو لا کر تو کل GB کے اندر بھی حالات خراب ہوں گے۔ پہلے ہی بلوچستان کے حالات آپ کے سامنے ہیں KPK کے معاملات آپ کے سامنے ہیں، اور آپ کشمیر کے اندر دیکھ رہے ہیں۔ انڈیا ہمارے سامنے ہے۔ ہم دشمنوں کو کیا پیغام دے رہے ہیں؟ دشمن کے لیے space کھڑی کر رہے ہیں۔

(جاری-----T09)

T09-10Jun2026 FAZAL/ED: Waqas 05:30 pm

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری ہے-----) اور آپ کشمیر میں دیکھ لیں۔ انڈیا ہمارے سامنے ہے۔ ہم دشمنوں کو کیا پیغام دے رہے ہیں۔ دشمن کے لیے ہم راستہ صاف کر رہے ہیں۔ میں خدانخواستہ کوئی point scoring کے لیے بات نہیں کرتا ہوں۔ ایک درد دل رکھنے والے انسان کے طور پر اور ایک پاکستانی کے طور پر بات کر رہا ہوں۔ یہ رویے اگر ہم نے اپنائے اور عوام کو اور مسائل کو اس طرح ہم نے handle کیا، گولی سے اور طاقت سے، اپنے لوگوں کے ساتھ کوئی اس طرح پیش نہیں آتا۔ اپنے بچوں کے ساتھ اس طرح تو کوئی پیش نہیں آتا۔ لہٰذا، یہ حالات ایسے ہیں جو ملک کو تباہی کی طرف لے کر جا رہے ہیں۔ عمران خان کو آپ نے جیل میں رکھا ہے۔ 2024 میں الیکشن ہوا، جس جس کو عوام نے ووٹ دیا، وہ جیل میں بند ہے۔ اس کے ساتھ کوئی بات نہیں کر سکتا، اس کے ساتھ کوئی مل نہیں سکتا۔ یہ پاکستان کا سیاسی نظام ہے؟ یہ سیاست ہے؟ یہ سسٹم ہے؟

جناب چیئرمین! اسی طرح کرم ایجنسی کے اندر 2024 سے راستے بند ہیں۔ وہ پاکستانی ہیں۔ کبھی کھولا جاتا ہے، بعض اوقات دو گھنٹے کے لیے کھول دیتے ہیں، تین گھنٹے کے لیے، اس کے بعد بند ہو جاتا ہے۔ راستے بند ہیں۔ لوگ یونیورسٹیز میں نہیں پہنچ سکتے، سکولوں میں نہیں پہنچ سکتے، کالجز میں نہیں پہنچ سکتے، بیمار ہسپتالوں میں نہیں پہنچ سکتے۔ مشکلات کا شکار ہیں۔ یہ کیوں نہیں رکھ سکتے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: علامہ صاحب! آپ کا point آگیا ہے۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جناب چیئرمین! مجھے بات کرنے دیں۔ میں نے بہت انتظار کیا۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ الیکشن کے بارے میں الیکشن ٹریبونل میں جائیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: سرکار! میں نے بہت انتظار کیا۔ جناب چیئرمین! مجھے بات کرنے دیں۔ اگر آپ یہاں پر بھی نہیں بولنے دیں گے، وہاں پر زبردستی اپنی مرضی کے result بنائیں گے، پھر ہم کہاں جائیں؟ مجھے بتائیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ الیکشن ٹریبونل میں جاؤ نا۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: اچھا، ماشاءاللہ! کیا بات ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ جائیں نا۔ آپ قانونی راستہ اختیار کریں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: ڈپٹی چیئرمین صاحب! آپ کے لیے یہ مناسب نہیں ہے۔ آپ کے ساتھ محبت سے بات کرنے والا آدمی ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ بات کریں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: ٹھیک ہے۔ وطن سے محبت کی بات کرتا ہوں۔ میں کسی کے خلاف نہیں بول رہا ہوں۔ کسی کو target نہیں کر رہا ہوں۔ لاقانونیت کو target کر رہا ہوں، آئین شکنی کو target کر رہا ہوں۔ لوگوں سے انتقام لینے کو target کر رہا ہوں۔ کل ہمارے دوستوں کے خلاف خدا نخواستہ کوئی ایسا ہوتا ہے، یقین کریں ان کے حق میں بولیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: حکومت سے ابھی جواب لے لیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: میری بات تو سن لیں۔ بات تو کرنے دیں۔ حیرانگی ہے۔ اس وطن کے ساتھ اگر اس کو آپ نے ایسے ہی چلانا ہے، تو خدا حافظ۔ شکریہ۔ اللہ تعالیٰ آپ کو پاک کر دے۔

(مداخلت)

(اس موقع پر تحریکِ انصاف کے اراکین نے واک آؤٹ کیا)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، چوہدری طلال صاحب! آپ ان کو منا کر لائیں۔ ڈاکٹر صاحب! آپ تقریر نہ کریں۔ آپ ہمیں نہ بتائیں۔ میں نے ان کو کہا کہ الیکشن ٹریبونل جائیں۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک بات سنیں۔ قانون سازی کے دوران میں نے ان کو time دیا۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: قانون سازی ختم ہو گئی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ختم نہیں ہوئی۔ فوزیہ ارشد کا ابھی تک Item باقی ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، Rules میں نہیں ہے۔ Rules میں اپوزیشن لیڈر کا نہیں ہے۔ آپ چیک کریں۔ یہ ایک روایت ہے۔ نہیں، Rule نہیں ہے۔ آپ کتاب نکالیں۔ Rule نہیں ہے، روایت ہے۔ جی، رانا ثناء اللہ صاحب۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: معزز اپوزیشن لیڈر نے جتنی بات کی ہے۔ جو بات رہ گئی ہے، وہ بھی کر لیں، ہم سننے کے لیے بیٹھے ہیں اور اس کے بعد ہم جواب دیں گے۔ آپ ان کو بلا لیں۔ ہم ان کی بات سننے کو بیٹھے ہیں۔ چلیں، آپ ان کو بلا لیں، وہ بات کر لیں، ہم ان کی بات سننے کو تیار ہیں۔ اس کے بعد مجھے جواب دینے کے لیے وقت بھی دے دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک تو رانا صاحب تمام معزز سینیٹرز بیٹھے ہوئے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب! آپ بھی سنیں۔ یہ Rule نہیں ہے، یہ روایت ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں سنتے، تو جائیں۔ آپ جائیں۔ Rule نہیں ہے۔ اپوزیشن لیڈر کے لیے Rule نہیں ہے، روایت ہے۔ جی، رانا صاحب۔

**Senator Rana Sana Ullah Khan**

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: جناب چیئرمین! آپ کی بات درست ہے۔ محترم لیڈر آف دی اپوزیشن نے جو بات کی ہے، دیکھیں، اس معزز ہاؤس میں اپوزیشن لیڈر کے طور پر ان کی بھی ایک ذمہ داری ہے۔ایک سسٹم کے تحت، ایک پارلیمانی جمہوری نظام کے تحت اور آئین کے تحت ان کو یہ عزت ملی ہے کہ وہ لیڈر آف دی اپوزیشن کی حیثیت سے یہاں پر موجود ہیں۔ یہاں پر انہیں پاکستان کے خلاف اور ملک کے خلاف اس انداز میں بات کرنا انتہائی نامناسب تھا۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: پھر بھی ہم نے ان کو سنا۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: اور آپ نے صرف ان کی توجہ دلائی ہے، تو اس کے اوپر وہ ناراض ہو کر چل پڑے ہیں۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے صرف یہ کہاکہ اگر الیکشن میں وہاں پر کچھ ہوا ہے، تو آپ الیکشن ٹریبونل میں جائیں۔ یہ کامران مرتضیٰ صاحب بیٹھے ہیں، میں نے کوئی غلط بات کی ہے؟ نہیں، آپ بات کریں۔ میں نے ان کو صرف یہ کہاکہ اگر الیکشن میں کچھ ہوا ہے، تو آپ الیکشن ٹریبونل میں جائیں۔ بس ان کو ہر وقت دھمال ڈالنے کا شوق ہے۔ دھمال ڈال لیتے ہیں۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: جناب چیئرمین! انہوں نے اپنی گفتگو میں اس طرح حقائق کے برعکس بات کی ہے کہ آپ یہ دیکھیں کہ گلگت بلتستان میں جو الیکشن ہوئے ہیں۔اس الیکشن میں پاکستان پیپلز پارٹی نے 23 حلقوں میں اپنے امیدوار کھڑے کیے ہیں۔ 22 حلقوں میں پی ایم ایل این نے اپنے امیدوار کھڑے کیے۔ 14 حلقوں میں جس جماعت کی یہ بات کر رہے ہیں کہ جی ان کے ساتھ بڑی زیادتی ہو گئی ہے، انہوں نے اپنے امیدوار دیے اور ان کے جو لیڈرز الیکشن کمیشن سے اجازت لے کر جس طرح سے باقی لوگ جاتے رہے ہیں وہاں پر گوہر خان صاحب بطور چیئرمین جا کر انہوں نے بیسیوں جلسے کیے، وہاں پر وہ لوگوں سے ملے۔اسی طرح اپوزیشن لیڈر کی جو اپنی جماعت ہے، اپنے مسلک کے حوالے سے انہوں نے بھی وہاں پر candidates دیے۔ یہ بتائیں کہ جس دن الیکشن ہوا ہے، صبح 8 بجے سے لے کر 5 بجے تک وہاں پر ووٹرز کی لمبی لائنیں لگی رہی ہیں اور almost 55 to 60 percent لوگوں نے وہاں پر اپنا حقِ رائے دہی کاسٹ کیا ہے۔ 5 بجے تک وہاں پر چھوٹے موٹے واقعات کو چھوڑ کر کوئی ناخوشگوار واقعہ نہیں ہوا۔ پورا دن کسی جماعت نے جن کا حوالہ لیڈر آف دی اپوزیشن دے رہے ہیں انہوں نے بھی اور کسی نے بھی وہاں پر کسی قسم کی violence کی کوئی شکایت نہیں کی۔ اس کے بعد result compile ہوئے ہیں۔ اس کے بعد سب کے سامنے result آئے۔

(اس موقع پر تحریک انصاف کے اراکین واپس ایوان میں تشریف لائے)

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: جناب چیئرمین! جو شکایات موصول ہوئی ہیں ان کے مطابق پانچ حلقوں میں 15 تاریخ کو re-pole بھی ہے۔ اب آپ اس الیکشن کو جس کو پوری دنیا credible مانتی ہے، جس کو پوری دنیا نے کہا کہ یہ credible الیکشن ہوئے ہیں، free and fair ہوئے ہیں۔ تمام پارٹیاں اور امیدواران جنہوں نے ان میں حصہ لیا وہ اس بات کو تسلیم کرتے ہیں۔ معزز، محترم لیڈر آف دی اپوزیشن یہاں پر آ کر کہہ رہے ہیں کہ جی بیڑا ہی غرق ہو گیا ہے، بھٹہ ہی بیٹھ گیا ہے، ملک ہی نہیں رہے گا، اس الیکشن میں وہ کچھ ہوا ہے، یعنی اس طرح کے الفاظ اور اس طرح کا اظہار کسی طور پر بھی میں سمجھتا ہوں کہ جس منصب کے اوپر آپ بیٹھے ہیں یہ آپ کو سزاوار نہیں ہے۔

انہوں نے کشمیر کے حوالے سے بات کی ہے۔ کشمیر میں جو ایکشن کمیٹی ہے اس کا کسی سیاسی جماعت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ایکشن کمیٹی الیکشن میں حصہ لینے کو تیار نہیں ہے۔ ایکشن کمیٹی کا وجود آج سے اڑھائی سال پہلے 2023 میں اس وقت قائم ہوا جب دکانداروں کی جو ٹریڈرز ایسوسی ایشن ہوتی ہیں، ان کے ایک مجموعے کے طور پر سامنے آئے اور ایکشن کمیٹی نے دو مطالبات کیے۔ انہوں نے کہا کہ جی جب منگلا ڈیم تعمیر ہوا تھا، اس وقت حکومتِ پاکستان نے گورنمنٹ آف آزاد جموں کشمیر کے ساتھ یہ وعدہ کیا تھا کہ جتنے میں وہاں سے بجلی کی generation ہو گی، تو اسی میں جو ہے۔ (جاری ہے۔۔۔۔۔T10)

**T10-10June2026 Naeem Bhatti/ED: Shakeel 1:30 :00 to 1:40:00**

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: حکومت پاکستان نے Government of AJK کے ساتھ یہ وعدہ کیا تھا کہ وہاں سے بجلی کی جتنی generation ہو گی، وہاں per unit کی قیمت پر بجلی دی جائے گی، وہ ہمیں نہیں دی گئی۔

انہوں نے دوسری یہ چیز کہی کہ ہم سے گندم پر subsidy کا وعدہ تھا، وہ پورا نہیں کیا گیا۔ انہوں نے اس پر مظفر آباد میں دھرنا دیا اور اس مطالبے پر انہوں نے وہاں پر تشدد واقعات کیے۔ اس کے بعد حکومت نے ان کے ساتھ negotiations کیں اور اس کے نتیجے میں تئیس ارب روپے کا package for the welfare of the Azad Kashmir دیا گیا۔ اس میں دس ارب روپے بجلی کے منصوبوں کے لیے دیے گئے کہ جہاں transformers نہیں ہیں، transmission lines اور باقی چیزیں نہیں ہیں۔ انہیں آج بھی بجلی تین روپے unit کے حساب سے دی جا رہی ہے جبکہ باقی پورے ملک میں اڑتالیس روپے کے حساب سے ہے۔ اسی طرح انہیں گندم پر subsidy دی جاتی

ہے اور وہاں دو ہزار روپے من کے حساب سے گندم دی جاتی ہے۔ جب 2023 میں یہ مطالبات پورے ہوگئے تو سال کے بعد دوبارہ اسی Action Committee نے بجائے اس کے کہ وہ حکومتِ پاکستان کا اور پاکستان کا شکریہ ادا کرتے کہ انہوں نے ان کے دو درینہ مطالبات کو اس وقت کی حکومت اور وزیر اعظم میاں شہباز شریف صاحب نے پورا کیا، وہ اڑ تیس مطالبات لے کر آ گئے اور انہوں نے اعلان کیا کہ اگر آپ نے ہمارے یہ اڑ تیس مطالبات پورے نہ کیے تو ہم فلاں تاریخ کو long march کریں گے۔ اس پر وزیر اعظم پاکستان نے صدر مملکت آصف علی زرداری صاحب کے ساتھ مشورہ کر کے ایک کمیٹی بنائی، اس کمیٹی میں PML (N) کی طرف سے میں تھا، میرے ساتھ چوہدری احسن اقبال، ڈاکٹر طارق فضل اور امیر مقام صاحب Minister for Kashmir Affairs بھی تھے۔ پیپلز پارٹی کی طرف سے وزیر اعظم فیصل راٹھور صاحب، قمر الزمان کائرہ اور راجہ پرویز اشرف صاحب تھے۔ ہم مظفر آباد جا کر Action Committee کے ساتھ بیٹھے، ان کے ساتھ تقریباً دو دن مسلسل مذاکرات کیے اور ان مطالبات میں سے سینتیس مطالبات پر، راجہ صاحب! یہ میں آپ کے لیے عرض کر رہا ہوں، انہوں نے اڑ تیس مطالبات پیش کیے، ان اڑ تیس مطالبات میں سے ہم نے سینتیس مطالبات پر ان کے ساتھ تحریری agreement کیا، انہوں نے اکتیس ممبران پر مشتمل ایک Action Committee بنائی ہوئی ہے، ان کے بھی دستخط ہیں، ہمارے بھی دستخط ہیں۔ ان کے کیا مطالبات تھے کہ جب ہم نے 2023 میں long march کیا تھا تو ہمارے خلاف 177 FIRs درج کی گئی تھیں، انہیں واپس لیا جائے، ہمارے جو لوگ زخمی ہوئے ہیں، انہیں cash compensation دی جائے، ہمارے جو لوگ ہلاک ہوئے ہیں، انہیں cash compensation دی جائے، فلاں سڑک بنائی جائے، فلاں ہسپتال میں کمرے بنائے جائیں، ہسپتالوں میں MRI machines نصب کی جائیں۔ اسی طرح ان کے مختلف development کے منصوبوں کے مطالبات تھے، وزیر اعظم پاکستان نے کہا کہ کیونکہ یہ تمام مطالبات social welfare کے ہیں، public welfare کے ہیں، development projects ہیں، کوئی بھی کہے تو ہم نے یہ کرنے ہی کرنے ہیں، اس لیے آپ ان کے ساتھ agreement کریں، میں funds دوں گا اور اس کے مطابق ان منصوبوں پر کام ہونا چاہیے۔

جناب! ان کا ایک مطالبہ یہ تھا کہ مہاجرین کی seats کو ختم کر دیا جائے جو کہ 12 seats ہیں۔ اس کے ساتھ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ان seats سے منتخب ہو کر جو لوگ اس وقت بھی ممبر بنے ہوئے ہیں، انہیں وزیر نہ بنایا جائے۔ دوسری چیز یہ کہ انہیں development funds نہ دیے جائیں کیونکہ وہ تو پاکستان میں رہتے ہیں اور وہاں پر وفاقی اور صوبائی حکومتیں development کے کام کرواتی ہیں۔ اس کے ساتھ انہوں نے کہا کہ انہیں ملازمتوں میں جو کوٹا دیا جاتا ہے وہ کوٹا نہ دیا جائے۔ ان کی یہ تینوں باتیں بھی تسلیم کی گئیں اور انہیں کہا کہ ان

seats کو ختم کرنا انتظامی اختیار نہیں ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ وہ مہاجرین ہیں جن کی بنیاد پر، جن کی مشکلات پر اور انہوں نے جو قربانیاں دی ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جو ہندوستان کی استبداد کی وجہ سے، ظلم و زیادتی کی وجہ سے اپنے گھر بار چھوڑ کر آئے ہیں، ان لوگوں نے جانیں گنوائی ہیں، ان لوگوں نے عزتیں لٹائی ہیں، یہ وہاں سے اپنے گھر چھوڑ کر یہاں آئے اور پاکستان کے مختلف حصوں میں آباد ہوئے ہیں۔ اگر آپ ان کی نمائندگی آزاد کشمیر سے ختم کر دیں تو پھر یہ آزاد جموں و کشمیر کی تحریک ہی نہیں رہے گی۔ اس لیے یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ انہیں ان کے حقِ رائے دہی سے محروم کر دیا جائے۔ ان مہاجرین میں جتنے بھی شہداء ہوئے ہیں، ان میں ایک بڑا نام مقبول بٹ صاحب شہید کا ہے، وہ مہاجر تھے، ان کی فیملی جب وہاں سے مہاجر ہو کر آئی تو وہ پشاور میں settle ہوئی۔ ان سے کہا کہ آپ یہ مطالبہ نہ کریں، انہوں نے پھر خود کہا کہ چلیں پھر ایسا کریں کہ کوئی کمیٹی بنا دیں، ہم نے بھی اپنے لوگوں کو مطمئن کرنا ہے۔ اس پر یہ فیصلہ ہوا کہ دو ممبران ان کے ہوں گے، دو ممبران حکومتِ آزاد کشمیر کے ہوں گے اور دو ممبران وفاقی حکومت کے ہوں گے، یہ ممبران preferably قانون دان ہوں گے، سینئر لوگ ہوں گے، یہ بیٹھ کر اس کے متعلق کوئی legal بات کریں گے کہ اس کا کیا حل ہو سکتا ہے اور یہ معاہدہ ہو گیا۔ اس کے بعد انہوں نے دیدہ دانستہ طور پر 9 June کو long march کا ultimatum دیا، انہوں نے آج یہ بات نہیں کی یا آج سے دس دن پہلے بات نہیں کی، انہیں معلوم تھا کہ آزاد جموں و کشمیر کے آئین کے مطابق الیکشن چار اگست سے پہلے ہونے ہیں، چار اگست کو موجودہ AJK کی Legislative Assembly کی مدت ختم ہونی ہے اور اس سے ساٹھ دن پہلے الیکشن ہونے ہیں۔ انہیں یہ معلوم تھا کہ election schedule June کے پہلے ہفتے میں دیا جائے گا، انہوں نے جنوری میں نو جون کے لیے long march کی call دی اور مقصد یہ تھا کہ ہم نے الیکشن نہیں ہونے دینا، کیوں نہیں ہونے دینے کیونکہ الیکشن ہو جائیں گے تو پھر وہ فارغ ہو جائیں گے۔ انہوں نے یہ ultimatum دیا اور اس کے بعد یہ معاملہ چلتا رہا۔ اب دوبارہ انہیں engage کیا گیا، انہیں کہا گیا کہ آئیں اور بیٹھیں۔ تیس مئی، عید کے تیسرے دن، پیپلز پارٹی کی طرف سے راجہ پرویز اشرف صاحب، قمر الزمان کائرہ صاحب اور فیصل راٹھور صاحب تھے، مسلم لیگ (ن) کی طرف سے میں تھا، احسن اقبال صاحب تھے اور ڈاکٹر طارق فضل صاحب تھے، ہم وہاں پہنچے۔ وہاں پوری آزاد کشمیر حکومت موجود تھی، ہم نے انہیں ان کے سینتیس مطالبات کا حساب دیا کہ کس پر کتنا کام ہوا ہے، سڑک کتنی بنی ہے، ہسپتالوں میں کتنی buildings بنی ہیں، سکول، یونیورسٹی، جو کچھ تھا، ایک ایک چیز کا حساب دیا اور وہ ہمارے سامنے اس طرح بیٹھے تھے جیسے وہ بادشاہ اور حکمران ہوں اور ہم ان کے سامنے پیش ہیں اور انہیں ایک ایک چیز کا حساب دے رہے ہیں۔

(جاری-----T/11)

رانا ثناءاللہ خان: (جاری) وہ اس طرح سے ہمارے سامنے بیٹھے تھے کہ جیسے وہ بادشاہ ہوں، حکمران ہوں اور ہم ان کے سامنے پیش ہیں اور ایک ایک چیز کا ان کو حساب دے رہے ہیں۔ ہم نے ان کو پورا حساب دیا۔ حساب لینے کے بعد وہ اس بات کے اوپر آ گئے۔ میں نے کہا کہ بھئی، آپ نے وہ کمیٹی بنائی تھی، اس کمیٹی نے اگر کوئی way out دیا ہے تو آپ بتائیں۔ انہوں نے کہا کہ نہیں، ہم کمیٹی وغیرہ کو نہیں مانتے۔ کمیٹی کے جو دوسرے ممبرز تھے، انہوں نے بتایا کہ انہوں نے تو کمیٹیوں کا بائیکاٹ کر دیا تھا۔ یہ کمیٹی میں آئے ہی نہیں۔ ہم نے ان سے کہا کہ پھر آپ کو کمیٹی میں بیٹھ کر اس کے اوپر کوئی legal یا constitutional decision لینا چاہیے تھا۔ کوئی جواب نہیں۔ انہوں نے کہا کہ نہیں، آپ سیٹیں بھی abolish کریں اور اس کے بعد جو الیکشن ہونے جا رہے ہیں، ان الیکشن میں جو oath ہے، جو nomination paper ہے، اس oath میں یہ ہے کہ وہاں پر الحاق پاکستان کا ایک حلفیہ بیان ہے کہ میں حلفاً بیان کرتا ہوں کہ ہم کشمیر کو آزاد کروا کر پاکستان کے ساتھ الحاق کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس کو بیچ میں سے نکالیں۔ اس nomination paper میں موجود حلف نامے سے یہ چیز بھی نکالیں۔ اس کے علاوہ بھی ان کے متعلق کہ ان کو فنڈنگ، ان کے باقی معاملات کہاں سے اور کیسے چل رہے ہیں۔ یہ ساری information موجود تھی لیکن اس کے باوجود ہم یہ چاہتے تھے کہ ان کے ساتھ کسی نہ کسی طرح سے، کسی نہ کسی معاملے پر settle کر لیا جائے اور یہ اس راستے سے واپس آئیں۔ یہ تشدد اور aggression کی طرف نہ جائیں اور ان کے ساتھ معاملہ طے کیا جائے۔ اس کے بعد پھر ہم نے ان کو تجاویز دیں کہ چلیں ایسا کریں، جب وہ بضد رہے اور کسی بات کے اوپر بھی انہوں نے بات کرنے سے انکار کیا۔

انہیں ہم نے تجویز کیا کہ چلیں، ایسا کریں کہ الیکشن ہونے جا رہا ہے، اس کے ساتھ یہ question بھی رکھ دیتے ہیں۔ پہلے ہم نے ان سے یہ کہا کہ آپ ایسا کریں کہ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ ان سیٹوں میں کوئی ووٹرز کی تعداد کا تھوڑا فرق ہے، کہ وہاں پر تھوڑے ووٹرز کے number پر سیٹ ہے اور آزاد کشمیر میں زیادہ پر ہے تو چلو اس number کو بھی اوپر نیچے کیا جا سکتا ہے، اس کے اوپر آپ بیٹھ کر بات کر لیں۔ انہوں نے کہا کہ نہیں، ہم اس پر بات نہیں کریں گے۔ پھر ان سے کہا گیا کہ آپ ریفرنڈم کے لیے ایک question اسی الیکشن میں جو ہونے جا رہا ہے، رکھ دیتے ہیں۔ میں یہ بات آپ کو پوری تفصیل کے ساتھ اس لیے بتا رہا ہوں کہ یہ ساری چیزیں discuss ہونی چاہییں اور ان چیزوں کو آپ پوری طرح سے دیکھیں کہ اس معاملے میں حقیقت کس طرح سے ہے۔ ان سے کہا گیا، request کی گئی کہ آپ ایسا کریں کہ ریفرنڈم میں یہ question رکھ دیتے ہیں، لوگ فیصلہ کر دیں۔ انہوں نے کہا کہ نہیں، ہمیں ریفرنڈم کا کوئی فیصلہ منظور نہیں ہے۔ پھر ان سے

کہا کہ چلیں، ایسا کریں کہ all parties conference بلا لیتے ہیں۔ آزاد کشمیر کی تمام سیاسی جماعتیں بیٹھ جائیں تو collectively آزاد کشمیر کی جو political leadership ہے، وہ کوئی فیصلہ کرلے۔ انہوں نے کہا کہ نہیں، ہم تو کسی کو مانتے ہی نہیں ہیں۔ اس کے بعد کہا گیا کہ چلیں، ایسا کریں کہ اس وقت آزاد کشمیر کی جو Legislative Assembly ہے، یہ معاملے اس کے سامنے رکھیں کیونکہ اختیار اسی کا ہے۔ آئین میں amendment انہوں نے کرنی ہے، اور تو کوئی نہیں کرسکتا۔ یہ executive order سے وزیر اعظم پاکستان یا وزیر اعظم آزاد کشمیر تو نہیں کرسکتا۔ وہاں پر معاملہ لے جاتے ہیں جو وہاں پر فیصلہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ نہیں، ہمیں یہ بھی منظور نہیں ہے۔

پھر ان سے کہا گیا کہ چلیں، ایسا کریں کہ Presidential Reference بھیج دیتے ہیں سپریم کورٹ آف آزاد کشمیر کو۔ سپریم کورٹ آزاد کشمیر کا بینچ بیٹھ کر ان کے متعلق فیصلہ کردے۔ انہوں نے کہا کہ نہیں، ہم ہر قیمت پر 9 کو آئیں گے اور آکر مظفرآباد کے اوپر قابض ہوں گے۔ ہم گھیراؤ کریں گے اور ہم اپنی بات اس طرح سے، بندوق سے اور تشدد سے منوائیں گے۔ میں معزز لیڈر آف دی اپوزیشن کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ اس کے باوجود وہاں پر حکومت آزاد کشمیر نے all parties conference بلائی۔ اس کانفرنس میں تمام سیاسی جماعتوں کی لیڈرشپ اکٹھی ہوئی اور انہوں نے unanimously کہا کہ یہ کوئی انتظامی معاملہ نہیں ہے۔ اس معاملے کو اگلے الیکشن میں منتخب ہونے والی legislative assembly میں رکھا جائے۔ اگر کوئی انتخابی مشکلات ہیں تو ان کو حل کیا جائے لیکن ایسا نہیں ہوسکتا کہ مہاجروں کو ان کے right of vote سے محروم کیا جائے۔ اگر ایسا کیا جائے گا تو اس سے ہماری تحریکِ آزادی میں فرق آئے گا۔ اس میں پھر 5 اگست، 2019 کو جو انڈیا نے کیا ہے تو اُس میں اور اِس act میں کوئی فرق نہیں رہ جائے گا، وہی ہم کریں گے۔ اس کے بعد وہی resolution جو کہ all parties conference میں ہوئی، اسے آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی نے اگلے روز endorse کیا۔ اس کے بعد presidential reference سپریم کورٹ کو بھیجا گیا۔ سپریم کورٹ نے آئینی طور پر اور قانونی طور پر یہ قرار دیا کہ outgoing اسمبلی یہ اختیار استعمال نہیں کرسکتی، اسے نہیں کرنا چاہیے۔ جو اگلی اسمبلی ہے، اس کے پاس یہ اختیار ہے کہ وہ آئین amend کرے اور اگر وہ سمجھتے ہیں لیکن کسی executive اختیار کے ذریعے یہ سیٹیں ختم نہیں کی جاسکتیں۔

جناب چیئرمین! اس کے باوجود انہوں نے پرتشدد راستہ اختیار کیا، آپ دیکھیں کہ اب تک وہاں پر جتنی مرتبہ بھی law enforcing agencies نے انہیں روکنے کی کوشش کی ہے، انہوں وہاں پر فائرنگ کی ہے، bullet injuries ہیں۔ یعنی یہ کوئی ایسا لانگ مارچ ہے جو کہ political parties کرتی ہیں یا پھر politically کیا جاتا ہے؟ وہ تو باقاعدہ لشکر کشی کر رہے ہیں۔ ان کے پیچھے ان کا

ہاتھ ہے۔آپ کہہ رہے ہیں کہ یہاں پر informationپر پابندی لگ گئی ہے، یہاں پر خبروں پر پابندی لگ گئی ہے۔آپ انڈیا کے چینلز دیکھ لیں، وہ ساری خبریں دے رہے ہیں۔ وہ بتا رہے ہیں کہ وہاں پر وہ کیا کرنا چاہتے ہیں۔ وہ بتا رہے ہیں کہ وہاں پر وہ کس طرح سے حالات کو خراب کرنا چاہتے ہیں، وہ بتا رہے ہیں کہ ان کے سندور آپریشن کا phase 2 وہاں پر جاری و ساری ہے ایسی صورت میں پاکستان کی law enforcement agencies کشمیر کے تحفظ کے لیے یا پاکستان کے تحفظ کے لیے اگر اپنی ذمہ داریاں وہاں پوری کر رہے ہیں اور ایسے لوگوں کو جو لشکر کشی کرتے ہوئے مظفرآباد پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں اور وہاں پر حالات کو خراب کرنا چاہتے ہیں تو ان کو اگر وہ روک رہے ہیں یا ان کو law enforcing agencies قانون کے مطابق deal کر رہی ہیں تو اس کے لیے ہمارے ان معزز ایوانوں میں یا میں سمجھتا ہوں کہ لیڈر آف دی اپوزیشن کی طرف سے اس قسم کا ایک aggression یا اس قسم کا غصہ اور اس قسم کے الفاظ کسی طور پر بھی مناسب نہیں ہیں۔

میں یہاں پر واضح کرنا چاہتا ہوں کہ آزاد کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے۔ پاکستان کے لوگوں نے اور ہمارے شہداء نے آزاد کشمیر کی آزادی کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے ہیں۔ کشمیریوں نے پاکستان کی بنیاد پر اس تحریک کے لیے لاکھوں شہدا نے اپنی جانیں قربان کی ہیں۔ کشمیر کے عوام وہ ہیں جنہوں نے پاکستان بننے سے پہلے پاکستان کی حمایت کی تھی۔ 23 جولائی کو کشمیر میں سیاسی جماعتوں کی جو کانفرنس ہوئی تھی، اس میں انہوں نے پاکستان کی حمایت کی تھی جس میں تمام مجاہد اول عبدالقیوم خان اور دوسرے جتنے بھی senior leaders تھے، اس وقت کے مسلم کانفرنس کے اور نیشنل کانفرنس کے، وہ سارے لوگ موجود تھے۔ (T12 پر جاری ہے)

T12-10-06-2026 Babar:Ed/Shahkeel 01:50Pm

سینیٹر رانا ثنااللہ: (جاری۔۔۔) یہ اس وقت کے مسلم کانفرنس اور نیشنل کانفرنس کے لیڈر تھے، وہ سارے لوگ موجود تھے، جب 1940 میں پاکستان کی قرارداد پاس ہوئی تھی، لاہور میں قراردادِ پاکستان؛ وہاں بھی کشمیر کا وفد پاکستان کی اس قرارداد کی حمایت کے لیے موجود تھا۔ کشمیر کی آزادی کی بنیاد پاکستان سے الحاق کے اوپر ہے۔ کوئی بھی شخص جو اس الحاق کے خلاف بات کرتا ہے یا کشمیر میں کھڑا ہو کر پاکستان کے خلاف بات کرتا ہے، وہ اس ملک اور ان لوگوں کی حمایت کرتا ہے جنہوں نے کشمیر پر ظلم کیا، کشمیر پر قابض ہیں، اور انہوں نے کشمیر کے لوگوں کی آزادی کو سلب کیا ہوا ہے۔ پاکستان ہر قیمت پر آزاد کشمیر کا تحفظ کرے گا اور تحریکِ آزادی جموں و کشمیر کو کامیابی سے ہمکنار کرے گا۔ اگر یہ شر پسند عناصر آلہ کار بن کر کسی غیر ملکی طاقت، خصوصاً انڈیا کے، بن کر وہاں حالات خراب کرنے کی کوشش کرتے ہیں، تو ان کے ساتھ قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے، in accordance with law and constitution آزاد جموں کشمیر government، اسی کے مطابق deal کیا

جائے گا۔ان کے ساتھ ہم نے بھرپور، بلکہ آخری لمحے تک، آخری حد تک کوشش کی ہے کہ مذاکرات کے ذریعے اس معاملے کو resolve کیا جائے، اور ان کا رویہ میں آپ کے سامنے رکھ چکا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ معزز leaders اپوزیشن اپنے غصے اور اپنی رائے کا اظہار ضرور کریں گے، لیکن کم از کم یہ انداز جو انہوں نے پہلے اپنایا، مناسب نہیں ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ایک تو علامہ صاحب، میں پھر آپ کے سامنے عرض کرتا ہوں، میرا recording نکالیں، میں نے قطعاً آپ کو نہیں روکا، timing کرنے کی بھی بات نہیں کی۔ میں نے صرف یہ کہا کہ اگر election کے بارے میں ہے تو election tribunal میں جائے۔اس سے زیادہ میں نے آپ کو disturb نہیں کیا، مگر میرا پھر بھی stand ہے کہ یہ قانون نہیں بلکہ روایت ہے۔آپ please اس کے بعد منظور صاحب۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، دیکھیں، میں نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ جو چیز صحیح سمجھتا ہوں، اس کو بیان کروں، اور جس کو صحیح نہیں سمجھتا، اس کو بیان نہیں کرتا۔ ایسے مواقع پر آپ کے لیے opposition کا لہجہ ہوتا ہے، جو شاید ناقابلِ برداشت محسوس ہوتا ہے۔ میں نے ان کی گفتگو سنی اس پر مزید گفتگو ہو سکتی ہے، مگر میں اسی نکتے پر قائم ہوں۔ جب عوام، system اور حکومت میں عدم اعتماد پیدا ہو جاتا ہے، تو law and order کی صورتحال negative forces کو موقع دیتی ہے، اور معاملہ بربادی کی طرف جاتا ہے۔ اگر پاکستان کے آئین کے مطابق جمہوری نظام قائم ہوتا، اور عوام جسے منتخب کرتے وہ حکومت کرتا، تو ایسے مسائل پیدا نہ ہوتے؛ نہ کسی کو پھانسی دی جاتی، نہ جیلوں میں ڈالا جاتا، نہ ملک بدر کیا جاتا۔ آج بھی میں کہتا ہوں کہ GB کا مسئلہ بھی یہی ہے۔ GB میں اگر ہم یہی طرزِ عمل اختیار کریں گے، میرا وہاں تعلق ہے، میں رابطے میں رہتا ہوں، جاتا رہا ہوں، آپ بھی جانتے ہیں۔ تو وہاں بھی یہی مسائل پیدا ہوں گے۔ action committee بنے گی، وہ بادشاہوں کی طرح بیٹھے گی، اور ہم اس کے سامنے ہوں گے۔ اس ملک کو جیسے چلانا چاہیے تھا، ویسے چلایا جائے، عوام کے elected اور genuine نمائندوں کے ذریعے۔ بلوچستان میں دیکھیں، جو elected لوگ ہیں، وہاں بھی مشکلات ہیں، عوام سے رابطہ نہیں ہے۔ جنہیں مسلط کیا گیا ہے، ان کی وجہ سے مسائل بڑھ رہے ہیں۔ پاکستان کے border areas بھی زیرِ بحث ہیں؛ افغانستان کے ساتھ border area disturb ہوتا ہے، ایران کے ساتھ بھی border area یہ ایک حساس بارڈر area ہے۔ کشمیر بھی ہمارا ہے، ہماری شہ رگ ہے، شہ رگِ حیات ہے، ہمارا سر ہے کشمیر۔ ہم اپنے failure کا اظہار کر رہے ہیں۔ آخر یہ خلا کیوں پیدا ہوا کہ action committee اٹھتی ہے اور عوام کے ساتھ کھڑی ہو جاتی ہے؟ یہ کیوں ہو رہا ہے؟ کیا ہمارے پاس اس کا کوئی جواب ہے؟ یہ ہمارا درد اور رنج

ہے۔ اس لیے آئیں، چیزوں کو درست کریں۔ سیاست دانوں کو آگے بڑھنا ہوگا، سیاسی طور پر بھی آگے آنا ہوگا تاکہ مسائل حل ہوں۔ جناب ڈپٹی چیئرمین صاحب، آپ کے ساتھ عموماً باقی سینیٹرز کی بعض اوقات تلخی ہو جاتی ہے، تحمل، صبر رہتے ہیں۔ آپ ایک neutral سیٹ پر بیٹھے ہیں، کسی پارٹی کی نمائندگی نہیں کرتے۔ آپ ایسا طرزِ عمل اختیار کریں کہ ہر شخص feel کرے کہ اسے احترام بھی مل رہا ہے، time بھی دیا جا رہا ہے، اور اسے interrupt نہیں کیا جا رہا۔ اس سے آپ کی، سینیٹرز کی اور ایوان کی respect بڑھے گی، اور سب کو بات کرنے کا موقع ملے گا۔

ہم نے رانا صاحب کی باتیں غور اور توجہ سے سنی ہیں۔ اس میں ایک طرح کا failure کا اظہار تھا کہ وہ بادشاہ بن کر بیٹھے ہیں، اور آپ ان کے سامنے بیٹھ کر ان کی باتیں سن رہے ہیں، عمل بھی کر رہے ہیں، مگر پھر بھی مسائل حل نہیں ہو رہے۔ لوگ مر رہے ہیں، سر۔ جنہیں گولیاں لگ رہی ہیں، وہ ہمارے اپنے بھائی ہیں، چاہے forces کے ہوں یا عام آدمی۔ یہ خون نہیں بہنا چاہیے۔ کشمیر ہمارے لیے انتہائی حساس ہے، عموماً گولی اس طرح نہیں ماری جاتی کہ بندہ مر جائے۔ گلگت بلتستان میں سکردو میں یکم مارچ کو جو لڑکے شہید ہوئے، ان کی عمر 13 سے 17 سال تھی، اور ہر ایک کے سر پر گولی لگی۔ کندھے پر بھی لگ سکتی تھی، مگر سر پر لگائی گئی۔ اس طرح کا غصہ اپنے عوام پر نہیں ہونا چاہیے؛ کوشش یہی ہونی چاہیے کہ کم سے کم نقصان ہو۔ میں واضح کرتا ہوں کہ یہ انتظامیہ کی نالائقی ہے، اور یہ نالائقی ثابت ہے۔ اسلام آباد میں لوگ مارے گئے— کیوں؟ کیونکہ control نہیں کیا گیا۔ لوگوں کو آگے کیوں جانے دیا گیا؟ جب واپس لایا جا رہا تھا، تو گولیاں چل گئیں۔

جس مولانا کو میں نے بھیجا تھا، آپ کی انتظامیہ نے مجھے بلایا تھا کہ لوگوں کو واپس لائیں، مگر ان کے ساتھ موجود لڑکے کو بھی مار دیا گیا، شہید کر دیا گیا۔ گولی سر پر لگی۔ مہربانی کریں، اس طرح لوگوں کی جان نہ لی جائے۔ دنیا میں اگر کوئی چیز چھپ بھی جائے، آخرت میں حساب ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ایک بے گناہ کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے، چاہے وہ Forces ، Police، FC، Rangers، فوج یا عام آدمی ہو۔ جو اس میں ملوث ہیں، وہ خدا کی بارگاہ میں جواب دہ ہیں۔ میری گزارش ہے کہ تحمل سے بات سنی جائے۔ ہم غلط راستے پر جا رہے ہیں۔ آئیں، سیاست دان آگے بڑھیں، اپنی عزت اور وقار قائم کریں۔ عمران خان کو جیل میں رکھ کر مسائل مزید بڑھیں گے؛ عوام ان کے ساتھ ہیں، انہیں irrelevant نہیں کیا جا سکتا۔ نواز شریف کو irrelevant نہیں کیا جا سکا، نہ پیپلز پارٹی کو irrelevant کیا جا سکا۔ سیاست دانوں کو چاہیے کہ مل کر مسائل حل کریں، opposition کو on board لیں، اور کشمیر کے معاملے پر مشترکہ حکمتِ عملی بنائیں۔ اگر سیاست دان خود مضبوط نہیں ہوں گے، تو پھر دوسرے طاقتور بن کر سامنے آئیں گے، اور سیاسی جماعتیں irrelevant ہو جائیں گی۔ نون لیگ کہاں

ہے؟ پیپلز پارٹی کہاں ہے؟ دیگر جماعتیں کیوں مؤثر نہیں؟ لوگ ان پر اعتماد کیوں نہیں کر رہے؟آئیں، اس ملک کا نظام درست کریں، سیاست کو اہمیت دیں۔ سیاست عبادت ہے، انسانوں اور وطن کی خدمت ہے۔ اللہ نے اگر کسی کو اختیار دیا ہے، تو اس کا درست استعمال ضروری ہے، قانون اور آئین کے مطابق۔اب تو ایسا لگتا ہے عمران خان صاحب کے معاملے میں ہم بھیک مانگ رہے ہیں، ہم بھیک نہیں مانگ رہے؛ بنیادی انسانی حقوق کی بات کر رہے ہیں۔ اسے ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے، یہ ہماری طاقت ہے کہ ہم پاکستان کی بہتری چاہتے ہیں۔حکومت کی عزت ہونی چاہیے، فیصلے خود کرے، کوئی دوسرا interfere نہ کرے۔اس لیے گزارش ہے کہ please آئیں، چیزوں کو درست کرنے کی طرف بڑھیں، درست استعمال کریں۔ان شاء اللہ، ہم ہر اچھے کام میں ساتھ دینے والے ہیں۔ (جاری T13)

T13-10JUN2026 Taj/Ed. Waqas Khan 06:10 p.m.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری)اس لیے میری گزارش یہ ہے کہ please آئیں چیزوں کو ٹھیک کرنے کی طرف جائیں۔چیزوں کو ٹھیک کرنے میں آپ اسی ایوان کو استعمال کریں۔ان شاء اللہ ہم ہر اچھے کام میں ساتھ دینے والے لوگ ہیں۔ ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس ایوان کا ماحول بھی اچھا رہے،خدانخواستہ خرابی پیدا نہ ہو اور اچھے طریقے سے ایک دوسرے کو سنا جائے۔ بہرحال، رانا صاحب نے بہترین گفتگو کی لیکن اعتراف تھا کہ وہاں پر ہم ناکام ہو چکے ہیں اور اب بات اسلحے اور گولی پر آ گئی ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منظور صاحب۔

سینیٹر منظور احمد: شکریہ، جناب چیئرمین! میں نے ایک ضروری point of public importance پر بات کرنی تھی، وقت دینے کا آپ کا شکریہ۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے کہا کہ آپ ناراض نہ ہو جائیں۔

## Point of public importance raised by Senator Manzoor Ahmed regarding the incident of acid attack on a female doctor in Quetta and overall condition of hospitals in the Province

سینیٹر منظور احمد: نہیں، نہیں، جناب! اللہ نہ کرے کہ میں ناراض ہو جاؤں۔ ہم چاہتے ہیں کہ ایوان ایک اچھے ماحول میں چلے۔ جناب! میں نے یہاں on the floor of the House ایک مسئلہ اٹھایا تھا۔ ایک بچی جو اغوا ہوئی تھی۔ کچے کے ڈاکوؤں کے حوالے سے میں appreciate کرتا ہوں، وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، انہوں نے اس حوالے سے بروقت کارروائی

کی۔ میں سندھ کے ایس پی صاحبان کے کام کو بھی appreciate کرتا ہوں۔ اگر ہم اس طرح کے کام کرتے رہیں تو میرے خیال میں جو ہمارا مقصد ہے، ہم اس میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ طلال چوہدری صاحب! میں آپ کو اور آپ کے دوستوں کو ایک مرتبہ پھر appreciate کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین! ہم کسی کے تضاد میں بات نہیں کرتے یا خدانخواستہ ہم کسی کی تذلیل نہیں کرنا چاہتے ہیں۔ بلوچستان میں ڈاکٹر ماہ نور کا واقعہ ہوا ہے۔ دو دن پہلے ہسپتال کے اندر ڈیوٹی پر موجود ہماری بہن پر تیزاب پھینکا گیا۔ وہ اپنے دفتر میں کام کر رہی تھی، ایک لفٹ آپریٹر آ کر اس پر تیزاب پھینک کر چلا گیا۔ پولیس نے اپنی کارروائی کی، اس بندے کو encounter یا جیسے بھی مارا، اتنی جلدی پہلی مرتبہ encounter دیکھا گیا، ہم appreciate بھی کرتے ہیں۔ کاش کہ وہ لوگ پکڑے جاتے جو اس طرح کے واقعات بہت پہلے ہوئے ہیں، ابھی تک وہ ملزمان فرار ہیں جنہوں نے ایک ایک گھر کے دس دس، پانچ پانچ، تین تین لوگوں کو شہید کیا، ابھی تک ان کا سراغ نہیں ملا۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ ان کو پکڑا جاتا، پیچھے کیا محرکات تھے وہ سب کے سامنے آ جاتے تو اچھا ہوتا۔

جناب چیئرمین! ایک مسئلہ ہے، جس جگہ پر اس پر تیزاب پھینکا گیا، وہ سول ہسپتال میں ڈیوٹی پر موجود تھی، burn department ساتھ ہی ہے لیکن افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ اس کو ایک پرائیویٹ آریا ہسپتال میں shift کیا گیا۔ اس سے یہ ظاہر ہوا کہ جو ہسپتال کے دعوے کر رہے تھے کہ ہم health میں انقلاب لا چکے ہیں، ہم health کو 87 ارب روپے دے رہے ہیں۔ جب ڈاکٹرز کا یہ حال ہے تو باقی مریضوں کا کیا حال ہوگا۔ میرے بھائی سینیٹر عمر گورگیج صاحب یہاں پر موجود نہیں ہیں۔ انہوں نے ایک انٹرویو دیا تھا کہ کوئٹہ جو دارالخلافہ بھی ہے جس میں سول ہسپتال ہے، اگر کوئی مستی سے، خوشی سے علاج کے لیے کراچی جاتا ہے تو اس پر کوئی پابندی نہیں ہے لیکن افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ وہ خود ایک مہینے کے بعد جب بیمار ہوئے تو وہ آغا خان ہسپتال کراچی میں اپنا علاج کرانے گئے تھے تو آپ اس سے اندازہ لگا لیں۔ اب جو وزیر صحت صاحب ہے، وہ خود آ کر اسلام آباد میں ایک مہینے سے اپنا علاج کروا رہا ہے اور وہاں پر ہسپتال کو ماشاءاللہ ایسے چھوڑا ہے کہ میں اس میں انقلاب لا چکا ہوں۔

جناب چیئرمین! اس طرح نہیں ہے، بلاول بھٹو زرداری صاحب وہاں گئے تھے، انہوں نے وہاں پر افتتاح بھی کیا تھا۔ وعدے صرف افتتاح کی حد تک نہیں رہتے۔ جو حالات ہیں، وہ ہمارے سامنے ہیں۔ اب جب یہ واقعہ رونما ہوا ہے تو اس سے یہ چیزیں سامنے آ چکی ہیں۔ اس

کے ساتھ ساتھ اگر میں interior Balochistan کی بات کروں گا تو ماشاءاللہ اس کا کیا حال ہوگا، اس میں علاج کیسے ہوگا، جب آپ کے Capital میں ہسپتال کا یہ حال ہے، 87 ارب روپے آپ کا بجٹ ہے، اگر اس میں بھی علاج نہ ہو۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔

سینیٹر منظور احمد: اس کے ساتھ ساتھ اگر میں امن وامان کی بات بھی کرتا چلوں، یہ بھی امن وامان کے ساتھ منسلک ہے۔ اسی ہسپتال میں 2016 میں ایک بہت بڑا حادثہ ہوتا ہے جس میں سو، ڈیڑھ سو کے قریب لوگ شہید ہوئے تھے لیکن اس کے باوجود ہمارے ہسپتال کی security کا یہ حال ہے کہ اب دوبارہ اس طرح کے واقعات جنم لینے شروع ہوئے ہیں۔ جناب چیئرمین! اگر میں پشتون بیلٹ کی بات کروں یا سڑکوں کی بات کروں یا تاجروں کی بات کروں، آج کل ٹرکوں کو جلایا جا رہا ہے، چاہے وہ پشتون بیلٹ میں ہو یا بلوچ بیلٹ میں ہو، ایک نیا سلسلہ چل پڑا ہے جس سے نقصانات ہو رہے ہیں اور ان کو صرف دس لاکھ روپے معاوضہ مل رہا ہے، دس لاکھ معاوضے سے کیا ہوگا، پانچ، دس کروڑ کی گاڑی جل جاتی ہے۔ جناب! اس کے لیے ایک mechanism بننا چاہیے، ایک پالیسی بنی چاہیے۔ کل سے چیمبر آف کامرس، تاجر، ٹرانسپورٹر پورے بلوچستان میں ہڑتال کرنے جا رہے ہیں۔ اگر بلوچستان میں یہ حالات ہوں، میں یہ نہیں کہتا کہ یہ حکومت کی کمزوری ہے، حکومت اپنی efforts کر رہی ہے، دہشت گردی کے خلاف ادارے اپنی efforts کر رہے ہیں، دہشت گردوں کا مقابلہ کر رہے ہیں، ہم شہداء دے رہے ہیں، چاہے وہ ایف۔ سی، پولیس یا فوج کے ہوں لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہمیں ایک پالیسی ضرور بنانی چاہیے۔ باتیں کرنے کو بہت ہیں، پھر ان شاء اللہ کر لیتا ہوں۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: منظور کاکڑ صاحب کے بہت زیادہ valid points ہیں کیونکہ میرا بھی وہاں سے تعلق ہے، گزشتہ دس، پندرہ روز میں بھی وہاں کوئٹہ میں تھا۔ میرے آفس سے گزارش یہ ہے کہ وہ چیف سیکرٹری بلوچستان، آئی۔جی پولیس بلوچستان اور وہاں کے متعلقہ لوگوں سے اس حوالے سے ایک مفصل جواب طلب کریں اور وہ منظور کاکڑ صاحب اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے تمام سینیٹرز کو مہیا کیا جائے۔ شکریہ۔ آرڈر نمبر ۲۴، سینیٹر فوزیہ ارشد صاحبہ کے نام سے ہے، توجہ دلاؤ نوٹس ہے۔ جی۔

**Calling Attention Notice raised by Senator Fawzia Arshad regarding the prolonged delay in the completion of Park Road underpass project**

سینیٹر فوزیہ ارشد: شہادت بھائی! اجازت ہے۔ بہت شکریہ۔ دیر آید درست آید۔ جناب! میں توجہ دلانا چاہوں گی کہ پارک روڈ کی construction ہو رہی ہے، اس میں تین groups بہت زیادہ hit ہو رہے ہیں، commuters ہیں، رہائشی ہیں اور NIH

کے ملازمین ہیں۔ پارک روڈ اسلام آباد میں ایک major artery ہے connecting Murree Road to Lehtrar Road, NIH, COMSATS and the whole area.جب اس پر کام رک جاتا ہے، ٹریفک رک جاتی ہے تو زندگی بھی رک جاتی ہے۔ سب سے زیادہ جو میں اِدھر توجہ دلانا چاہوں گی، ہمارے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال صاحب بیٹھے ہیں، وہ یہ ہے کہ یہ آپ کو بھی پتا ہوگا کہ 7.4 کلومیٹر کی سڑک جو راول ڈیم چوک سے ترامڑی کے لیے بنی تھی، ادھر جو project ہے، اس کو دسمبر 2023 میں ختم ہونا تھا۔ پھر وہ مدت مئی 2024 تک بڑھ گئی اور پھر اگست 2024 تک ہوا۔ اب جو صورتحال ہے وہ یہ ہے کہ فروری میں underpass بنانے کے لیے دوبارہ سے اس پر کارروائی اور کام شروع ہو رہا ہے۔ اس میں ستر دن کی میعاد تھی، اب مئی 2026 سے لے کر آج 10 جون 2026 ہے، یہ 70 دن دگنے ہو کر 140 دن ہو گئے ہیں۔ جب کبھی بھی کوئی روڈ بنتا ہے یا کوئی بھی construction ہوتی ہے تو اس میں environmental study definitely ہوتی ہے۔ پارک روڈ پر NIH کی بلڈنگ ہے، وہ ایک health unit ہے، health organization ہے جو ایک autonomous body ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ NIH کے اندر سے کیسے سڑک نکالی گئی ہے، اس سوال کا مجھے جواب چاہیے۔ یہ ایک autonomous body ہے۔ وزیر صاحب! توجہ چاہتی ہوں، یہ ایک autonomous property ہے، اس کے اندر سے کس طرح سے ایک سڑک نکال دی گئی ہے کیونکہ NIH کے لوگ بہت زیادہ complain کر رہے ہیں کہ یہ کس طرح ممکن ہوا ہے اور لوگوں کو یہ بھی خدشہ ہے کہ وہاں پر commercial area بن جائے گا، دکانیں بھی بن جائیں گی اور سارا کچھ ہو جائے گا۔ یہ ایک عجیب، انوکھی بات ہے۔ This is the Federal Capital of Pakistan.اس میں اگر اس طرح کی بے ضابطگیاں ہوتی ہیں۔

(جاری۔۔۔T14)

**T14-10June2026 Ali/Ed: Shakeel 06:20 pm**

سینیٹر فوزیہ ارشد: (جاری ہے۔۔۔۔) وہاں پر دکانیں بھی بن جائیں گی اور سارا کچھ ہو جائے گا، تو یہ ایک عجیب انوکھی بات ہے، this is the Federal Capital of Pakistan اور اس میں اگر اس طرح کی بے ضابطگیاں ہوتی ہیں at the time of the contract bidding ہے یا نہیں، مجھے یہ بھی نہیں پتا کہ یہ quotation پر تھی یا کیا تھی؟ اور اس میں یہ ساری چیزیں اگر لکھی بھی نہیں ہیں اور یہ ہو رہی ہیں، تو اس کی accountability کون دے گا؟ اس کی accountability کون کرے گا؟ اور ایسے کیوں ہو رہا ہے، if it is not on paper, in black and white?

Commuters کا کہنا ہے کہ یہاں پر دو، دو گھنٹے traffic jam ہوتی ہے، جبکہ عام حالات میں یہاں کا سفر صرف بیس منٹ کا ہے۔ NIH ایک بہت مشہور ادارہ ہے، جہاں پر especially allergies کا علاج ہوتا ہے، پورے Pakistan سے لوگ وہاں آتے ہیں۔ وہاں کے لوگ پریشان ہیں allergy سے، جو noise and dust pollution ہے، وہاں پر گندگی ہے، کوئی traffic light صحیح سے نہیں ہے، alternate routes نہیں بنے ہوئے اور جو سڑکیں ہیں وہ اتنی ٹوٹی پھوٹی ہیں کہ لوگوں کی گاڑیاں تباہ ہو رہی ہیں۔ اس کے علاوہ fuel جس کے rates نے سارے Pakistan کو ایک مشکل میں ڈالا ہوا ہے۔ دو، دو گھنٹے لوگ وہاں commute کرتے ہیں، especially جو NIH کے لوگ ہیں، وہاں کے مریض ہیں، وہاں کے doctors ہیں، وہاں کے residents ہیں، وہ اپنے گھروں میں، اپنی نوکریوں پر وقت پر نہیں پہنچ پا رہے ہیں۔ یہ لوگوں کے لیے بہت بڑا hazard ہے، مشکلات ہیں اور ہم یہی کہتے ہیں کہ ریاست ایک ماں ہے، جو لوگوں کا خیال رکھتی ہے۔ تو اسی وجہ سے میں یہ کہہ رہی ہوں کہ آپ لوگ اس مسئلے کو کس طرح حل کریں گے؟ ٹھیک ہے، آپ DHA کے لیے underpass بنا رہے ہیں، مگر یہ underpass اس وقت نہیں بنا تھا جب 2024 میں یہ road بنی تھی۔ اس وقت اس کا خیال کیوں نہیں آیا؟ کیا آپ کے master plan میں اس road کی provision تھی یا نہیں تھی؟ آپ بار بار road بناتے ہیں، اتنا خرچہ کرتے ہیں، پھر اس کے بعد دوبارہ کھدائی شروع ہو جاتی ہے اور اب یہ جو سلسلہ ہے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ابھی جواب لے لیں Minister Sahib سے، انہوں نے قومی اسمبلی میں بھی جانا ہے۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: کوئی بات نہیں، میں بھی رکی ہوئی ہوں، تو آپ بھی رک لیجیے۔ کوئی ایسی بڑی بات نہیں ہے۔ ہم نے بھی جانا ہے، ہم نے بھی بہت ساری چیزیں کرنی ہیں۔ خالی ہم یہاں time waste کرنے نہیں آئے۔ ہمیں بھی وقت تو دے نا، کبھی کبھی ہم بولتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آج کل آپ کو ناراضگی کا issue نہیں مل رہا ہے، پوری بات کر لیں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: ناراضگی نہیں ہے۔ ,Chair آپ مجھے روک رہے ہیں۔ میں بہت serious بات کر رہی ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے کہا، جواب لے لیں، تاکہ آپ کو جواب مل جائے۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: میں ICT کی Senator ہوں اور مجھے لوگوں نے یہ سوال بتایا ہے، اپنی دکھ بھری کہانیاں سنائی ہیں کہ وہاں پر کتنی emergencies ہو رہی ہیں، because they cannot commute, they cannot reach the hospital, people are dying. تو میری صرف یہ گزارش ہے کہ خدایا اس کا جو وقت تھا، تعین تھا، ستر دن کا، وہ ابھی تک مکمل نہیں

ہوئے ہیں۔ آپ اس کو کب تک مکمل کریں گے؟ اور اپنی timelines بتادیں تو بڑی مہربانی ہوگی۔ لوگوں کا جتنا خرچہ ہوا ہے، پیسہ خرچ ہوا ہے، ان کی گاڑیاں ٹوٹی ہیں، لوگوں کی جانیں گئی ہیں، لوگوں کو صحیح وقت پر علاج نہیں ملا ہے، اس کا خمیازہ کون بھرے گا؟ Who is the accountable for this? and mainly, the road which has been taken from the NIH autonomous property, اس کا کون قصوروار ہے، ?who has done it کس کے orders پر یہ سارا کچھ ہوا؟ ہمیں اس کا جواب چاہیے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، ,Interior Minister Sahib محمد طلال بدر صاحب۔

**Senator Muhammad Tallal Badar(Minister of State for Interior)**

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب چیئرمین، مناسب تو یہ ہے کہ آپ agenda پہلے مکمل کر لیا کریں، کیونکہ Calling attentions سب سے ضروری ہے اور میں Leader of the Opposition سے بھی گزارش کرتا ہوں کہ اپنے point of order یا دوسری بات اس کے بعد رکھا کریں تاکہ یہ agenda سب سے زیادہ اہمیت حاصل کر سکے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ہماری پہلے دن سے یہ گزارش ہے کہ بیچ میں ہو بھی نہیں سکتا ہے اور ہونا بھی نہیں چاہیے، پہلے Business ہونا چاہیے۔

سینیٹر محمد طلال بدر: ,Calling attentions یہ Park road کا جو معاملہ ہے، ایک تو یہ delay نہیں ہے اور اس کا already time period مارچ میں شروع ہوا ہے۔ اس کا ایک حصہ جولائی میں مکمل ہوگا، دوسرا اگست میں مکمل ہوگا۔ اصل میں اسلام آباد کو شہباز صاحب کے ہوتے ہوئے اور پھر Interior Minister کے ہوتے ہوئے، یہ عادت پڑ گئی ہے کہ وہ منصوبہ جو چھ مہینے میں مکمل ہوتا تھا، وہ دو مہینے میں شروع ہو جاتا تھا اور اس کے بعد اس کی quality، اس کی speed، اس کی cost، ہر چیز monitor کی جاتی تھی۔ یہ منصوبہ CDA سے وابستہ ضرور ہے، لیکن یہ منصوبہ DHA اور FWO کر رہے ہیں اور اس کی جتنی بھی لاگت ہے، وہ ساری کی ساری دونوں manage کر رہے ہیں، یہ Margalla Avenue کی طرف جائے گا۔ یہ وہاں Zone-4 میں، جہاں اسلام آباد کی آبادی کا تیسرا حصہ آباد ہے اور جہاں بڑی colonies اور پرانا اسلام آباد موجود ہے، وہاں facilitation کے لیے underpass بھی ہے، overhead بھی ہے اور اس کی side roads بھی ہیں۔

یہ complete project ہے، جس سے وہاں آنے جانے میں آسانی پیدا ہو گی۔ یقیناً کسی بہتری کے لیے چھوٹی موٹی تکلیف تو ہوتی ہے، اس کے لیے معذرت چاہتے ہیں، لیکن یہ تکلیف اسی علاقے کے لیے بہتری کا باعث بنے گی اور اس میں کوئی delay نہیں ہے۔ منصوبے کا پہلا حصہ، جو underpass ہے، وہ جولائی میں مکمل ہوگا اور اس کے بعد اس کا باقی حصہ اگست میں مکمل ہو جائے گا۔ اس کی environment study ہر project کی طرح کروائی گئی ہے۔ اسلام آباد میں اس حکومت کے ہوتے ہوئے جتنی infrastructural intervention ہوئی ہے environment study کروانے کے بعد ہی ہوتی ہے۔ کوشش کی جاتی ہے کہ نہ صرف وہاں کا green area متاثر نہ ہو، بلکہ جب infrastructure بنے تو fuel cost میں کمی آئے، لوگوں کے قطار میں لگنے کے وقت میں کمی آئے، جس سے environment مزید بہتر ہو سکے۔ تو یہاں بھی اس منصوبے کے مکمل ہونے پر، جیسے Serena Chowk بنا ہے، Shaheen Chowk بنا ہے، T-Chowk بنا ہے، F-8 والا بنا ہے، اسی طرح کے جو بڑے منصوبوں بنتے ہیں اس سے بھی environment میں بھی اور infrastructure میں بھی بہتری آتی ہے۔

یہ intervention جیسا کہ میں نے آپ کو بتایا، DHA اور FWO کے درمیان ایک G2G project ہے۔ اس کی total cost تقریباً دس ارب روپے کے قریب ہے، جس میں کئی کلومیٹر سڑکیں، underpass اور overhead شامل ہیں۔ اس کی مکمل ہونے کی میعاد اگست ہے، جبکہ اس کا پہلا حصہ جولائی میں مکمل ہو جائے گا، thank you very much.

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ جی۔ سینیٹرز، یہ Business ختم ہو گیا ہے۔ رانا صاحب، آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ ان کو in writing, محمد طلال بدر صاحب، آپ مفصل جواب دے دیں۔

سینیٹر محمد طلال بدر: کوئی seventy days mention نہیں ہوئی، خود انہوں نے خود سے seventy days سوچا ہوا ہے، ٹھیک ہے نا جی؟ اس منصوبے کا one hundred and eighty days کا time ہے۔ اس منصوبے میں ایک سڑک، ایک underpass، ایک overhead نہیں یہ پورا مجموعہ ہے۔ یہ کافی بڑا project ہے۔ میں نے جیسے آپ کو بتایا کہ تقریباً دس ارب روپے کا یہ project ہے اور اس میں کوئی delay نہیں ہے۔ باقی ان کے ایک سوال کے حصے کا جواب میں اس لیے نہیں دے سکا کیونکہ وہ Interior Ministry سے متعلق نہیں ہے، بلکہ NIH سے متعلق ہے۔ اگر CDA کے part پر، یا کسی اور part پر، کوئی ایسا منصوبہ جس میں کوئی autonomous body ہے یا کسی دوسرے کی جگہ ہے یا کس کا right of way ہے، جب تک ہم نہ ہوں، تو ہم نہیں

کرنے دیتے۔ اگر NIH یا Health والوں کی طرف سے کوئی ایسا مسئلہ ہے کہ وہاں کوئی سڑک ان کی مرضی کے بغیر بن رہی ہے، یا وہ اس عمل میں شامل نہیں ہیں، تو ہم اس کو address کر سکتے ہیں۔ لیکن ہمارے علم میں ایسی کوئی بات نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: توجہ دلاؤ نوٹس نمٹایا جاتا ہے۔ رانا محمود الحسن صاحب۔

## Point of Public Importance raised by Senator Rana Mahmood ul Hassan regarding the incidents of kidnaping and killing of Pakistanis residing in South Africa

سینیٹر رانا محمود الحسن: بہت شکریہ جناب چیئرمین اور آپ کا بہت شکر گزار ہوں۔ میں ایک اہم معاملے کی طرف آپ کی توجہ دلوانا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے کہ South Africa کے اندر پاکستانیوں کی ایک کثیر تعداد، اگر Interior Minister Sahib ایک منٹ کے لیے تشریف رکھیں تو میں بڑا شکر گزار ہوں گا۔ South Africa کے اندر پاکستانیوں کی ایک لاکھ سے زیادہ آبادی ہے اور وہ وہاں کاروبار کر رہے ہیں اور وہ بڑے عرصے سے وہاں موجود ہیں۔ آج کل وہاں اغوا برائے تاوان اور بہت سارے پاکستانیوں کو قتل کرنے اطلاعات موصول ہو رہی ہیں اور پاکستانیوں پر اجتماعی طور پر حملے ہو رہے ہیں۔ حالانکہ وہاں پر Indian community بھی ہے، Chinese Community بھی ہے، لیکن صرف پاکستانیوں کو target کیا جا رہا ہے۔ تو میں چاہتا ہوں کہ یہ معاملہ Interior Ministry کے نوٹس میں ہو اور اسی طرح سے Foreign Office بھی اس میں مداخلت کرے۔ (جاری ہے-----T15)

T15–10June2026 Imran/ED: Waqas 06:20 pm

سینیٹر رانا محمود الحسن: (جاری-----) پاکستانیوں کو target کیا جا رہا ہے تو میں چاہتا ہوں کہ یہ معاملہ Interior ministry کے بھی notice میں ہو اور Foreign Office بھی اس کے اندر intervene کرے اور وہاں پر جو ہمارا سفارت خانہ ہے، وہ بھی اور یہاں سے اس پر تفصیلی طور پر اظہار خیال کیا جائے اور بات کی جائے۔ دیکھیں، جتنے پاکستانی ہیں، وہ پاکستان کے لیے remittance لے کر آتے ہیں۔ پاکستان کی export سے زیادہ remittance کے اوپر پاکستان کا دار و مدار ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر ایک پاکستانی بھی مشکل میں ہے تو یہاں سے بہت strong message جانا چاہیے اور ہمارے foreign office کو اس پر بڑا غور و خوض کرنے کی ضرورت ہے۔ کل ہماری Foreign Affairs Standing Committee کی meeting بھی ہے تو میں کوشش کروں گا کہ ہم اُس میں بھی اس پر بات کریں۔

میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے time عطا کیا اور یہ پاکستانیوں کا ایسا سنگین مسئلہ ہے کہ وہاں پر اُن کی بچیوں کو اغوا کیا جا رہا ہے، خود اُن کو اغوا کیا جا رہا ہے، اُن کو قتل کیا جا رہا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس معاملے کو پاکستان اعلیٰ سطح کے فورم پر، وزیراعظم کے level پر یا جس level پر بھی آپ بہتر سمجھتے ہیں، اس کو address ہونا چاہیے۔ میں چاہوں گا کہ اس پر ضرور بات ہو۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی منسٹر صاحب، چودھری طلال صاحب۔۔

سینیٹر محمد طلال بدر: جناب گزارش یہ ہے کہ چونکہ یہ directly MoFA کے متعلق ہے تو اگر اجازت ہو اُن سے information لے کر یا پھر اگر DPM اس کا خود جواب دے دیں تو۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ بڑا اہم issue ہے۔اس کا جواب ملنا چاہیے۔

سینیٹر محمد طلال بدر: آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں کہ یہ بہت اہم معاملہ ہے اور بہت سی تشویش ناک reports ہیں جیسا کہ ابھی سینیٹر صاحب کہہ رہے ہیں، Interior کے حوالے سے تو نہیں لیکن MoFA کے حوالے سے میں assure کرتا ہوں کہ آپ کو کل تک کوئی نہ کوئی جواب دوں گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹ کی مہمانوں کی gallery میں موجود محترم واسع کاکڑ ایڈووکیٹ صاحب، سردار موسیٰ جان کاکڑ اور دیگر مہمان جو بلوچستان سے آئے ہیں، اُنہیں ہم session میں خوش آمدید کہتے ہیں۔ ابھی ایوان کی کارروائی بروز جمعہ مورخہ 12 جون 2026 کو بوقت پانچ بج کر تیس منٹ تک ملتوی کی جاتی ہے۔ شکریہ۔

------------------

*[The House was adjourned to meet again on Friday, 12th June, 2026 at 05:30 p.m.]*

------------------